عصر حاضر کے بعض جدید بے خدا مفکرین کی رو سے مذہب کی کوئی حقیقت نہیں اور مذہب فقط انسان کی اس خصوصیت کے ذریعے وجود میں آیا کہ وہ کائناتی احوال وامور کی توجیہہ چاہتا ہے۔ان کی رو سے توجیہہ کا جذبہ فی الاصل غلط نہیں مگر قلیل معلومات نے ہمارے آباو اجداد کو غلط نتائج اخذ کرنے پر مجبور کیا۔اب جیسا کہ کئی دوسرے امور کی اصلاح انسان نے اپنی علمی ترقی کے باعث کرلی ہے اسی طرح مذہب کے سلسلے میں بھی وہ اس پوزیشن میں پہنچ چکا ہے کہ وہ اپنے قدیم فرسودہ خیالات کی اصلاح وتجدید کرے۔

اسی فکر کا عکاس جولین ہکسلے کا وہ بیان ہے جس میں وہ ترقی جدید کے باعث مذہب وخدا کے تصورات کو بھک سے اڑتے ہوئے قرار دیتا ہے طنز کرتا ہے:

> جس طرح ایٹم کے ٹوٹنے سے مادہ کے بارے میں انسان کے پچھلے تمام تصورات ختم ہو گئے اسی طرح پچھلی صدی کے دوران ہونے والی علمی ترقی اصل میں علمی دھماکہ ہے جس کے بعد خدا اور مذہب کے متعلق پرانے خیالات بھک سے اڑ گئے (٧)

جولین ہکسلے جو ایک Biological Evolutionist تھا، ڈارون کی تھیوری کا عظیم ترین شارح اور مداح بن کر سامنے آیا۔سائنسی ترقی کے خمار میں یقیناً ڈارون سے بھی کئی قدم آگے جا نکلا جبکہ ڈارون قطعی طور پر منکر خدا کے طور پر سامنے نہ آیا بلکہ زیادہ سے زیادہ خود کو ایک Agnostic کہتا اور خود بھی اپنی تھیوری پر اس قدر یقین کامل نہ رکھتا تھا جس قدر اس کے پیروکار رکھنے لگے بلکہ وہ تو اپنی تھیوری کی سچائی کو رکازیات (درمیانی کڑیوں) کے ملنے سے مشروط قرار دیتا تھا مگر ہکسلے، روسو اور برٹرینڈ رسل جیسے لوگوں نے فطری اسباب اور واقعات کی کڑیوں کے ذریعے خدا و مذہب کو انسانی تخیل کی دریافت اور ارتقائی ایجاد قرار دے ڈالا۔ڈارون کے الفاظ کہ جس میں وہ خود کو مذہب اور لا ادریت

کا قائل بتاتا ہے، سے واضح ہوتا ہے کہ مذہب کے صریح انکار کی جرأت اُسے بھی نہ ہوئی اس کے الفاظ ملاحظہ ہوں:

My judgement often fluctuates... In my most extreme fluctuations I have never been an athiest in the sense of denying the existance of God. I think that generally, but not alwasy, that an agnostic would be more correct description fo my state of mind.(8)

ڈارون کے بیان سے بالکل واضح ہو رہا ہے کہ وہ اپنی تھیوری کے حوالے سے قطعی تذبذب اور متشکک ہے اور انکار خدا کا واضح طور پر قائل نہیں جبکہ اس کی رائے میں منکر خدا کی بہ نسبت لاادریت کا حامل شخص زیادہ درست ہے۔

مگر حیران کن امر یہ ہے کہ لامذہب ہکسلے کائنات کی تخلیق کو ایک ہی مرکزیت یا وحدانیت سے تخلیق شدہ تسلیم کرتے ہوئے بھی تاریکیوں میں بھٹکتا دکھائی دیتا ہے۔ اسی طرح ذہن اور مادہ، مذہب وسائنس سب اختراع انسانی قرار دے رہا ہے۔ اس کے الفاظ ملاحظہ ہوں۔

The entire cosmos is made out of one and the same world-stuff, operated by the same energy as we ourselves. "Mind" and "matter" appear as two aspects of our unitary mind bodies. There is no supernatural realm all phenomena are part of one natural process of evolution. There is no basic cleavage between science and religion; they are both organs of evolving humanity. This earth is one of the rare spots in the cosmos where mind has flowered. Man is a product of nearly three billion years of evolution in whose person the evolutionary process has at

last become concious of itself and its possibilities. Whether he likes it or not, he is responsible for the whole further evolution of our planet.(9)

یعنی تمام کائنات ایک عالمی بنیادی مادہ سے تخلیق کی گئی ہے جسے بشمول ہمارے ایک ہی انرجی سے جاری و ساری کیا گیا ہے۔ ہماری جسمانی وحدت ذہن اور مادہ ایک ہی حقیقت کے دو پہلوؤں کے طور پر سامنے آئے۔ یہاں کسی بھی ماورائی ذات نام کی کوئی چیز موجود نہیں بلکہ تمام تر فطرت ایک ہی قدرتی ارتقاء کے نتیجے میں وجود میں آئی۔ سائنس و مذہب میں کوئی بنیادی اختلاف نہیں۔ یہ دونوں ذہن انسانی کے ارتقائی نتیجے میں وجود میں آئے۔ اس کائناتی کرے میں زمین ہی واحد اتفاقی مقام ہے جہاں ذہن انسانی کو پھلنے پھولنے کا موقع مل سکا۔ انسان تقریباً تین بلین سال قبل کے ارتقاء کی پیداوار ہے۔ جس میں افراد کا ارتقاء آخر کار خودکار طریقے سے ہوا وہ چاہے اب اسے پسند کرتا ہے یا ناپسند وہ بہر حال تمامتر مستقبل کے ارتقاء کا بھی ذمہ دار ہے۔

معلوم ہوا انسان کو خالصتاً ایک ارتقائی مشین قرار دینے والا ہکسلے صرف اور صرف سائنسی بنیادوں اور دریافتوں پر اس کے عین حقیقی ہونے پر ایمان لا رہا ہے۔ ایک جانب وہ سائنس و مذہب دونوں کو ذہن انسانی کی پیداوار قرار دے کر مذہب کی تردید کر رہا ہے مگر سائنس کو جو (اس کے بقول) ذہن انسانی کی پیداوار ہے کیوں اسے اس قدر حقیقی اور یقینی سمجھ رہا ہے جس میں غلطی کا احتمال نہیں حالانکہ یہ بات مسلم ہے کہ سائنس کی قوت ہی اس کی تغیر پذیری میں ہے اس کے نظریات متغیر ہیں۔ ایک دور کے سائنسدان اگر ایک نظریہ کو نتائج کی بنیاد پر پرکھ کر عین سائنسی و حقیقی قرار دیتے ہیں اور چند سال بعد کے سائنس دان اُسی تصور کو قطعی غیر حقیقی اور باطل قرار دے دیتے ہیں۔ اس کی واضح تر اور بین مثالوں میں ساکت حالت کائناتی نظریہ اور بگ بینگ کا نظریہ ہے۔ ساکت حالت یا منجمد حالت کائناتی نظریہ کی رو سے کائنات کے کسی خدا کا کوئی بھی تصور سائنس کسی طور ماننے کو تیار نہ تھی۔ مگر اب جبکہ بگ بینگ تھیوری ساکت حالت نظریہ کو ہمیشہ کے لیے شکست فاش دے چکی ہے، سائنسی

دریافتوں اورتحقیقات نے ایک نیارخ اختیار کرلیا ہے۔ پہلے (ساکت حالت) نظریہ کی رو سے کسی مذہب اورخدا کی ضرورت نہ تھی جبکہ اب بگ بینگ نظریہ جسے قبولِ عام کا درجہ مل چکا ہے کی رو سے اس کا کوئی نقطہ آغاز Singularity تھا۔ جسکا نقطہ اختتام بھی عین ممکن ہے۔ جو Big Crunch کے ساتھ واقع ہوگا۔ حیران کن امر ہے کہ نیوٹن وآئن سٹائن جیسے لوگ جنہوں نے سائنس کومضبوط بنیادیں فراہم کیں واضح طور پر کائنات میں الوہی مداخلت اور اسی کے ہاتھوں اس کی صناعی وتخلیق کے قائل تھے۔ اورعصر حاضر کا نامور طبیعات وفلکیات دان بالتصریح اپنی کتاب A Briefer History of Time میں کئی مقامات پرخدا و مذہب کی ضرورت کے حوالے سے بالکل واضح ترین تصور رکھتا ہے۔ اگرچہ کئی مقامات پر وہ Agnostic بھی معلوم ہوتا ہے۔

اس سلسلہ میں اس کے الفاظ یوں ہیں:

بعض لوگوں کی رائے میں کائنات کی ابتدائی صورتحال کے سوال کا تعلق مابعد الطبیعات یا مذہب سے ہے کیونکہ خدا قادرِ مطلق ہے اورکائنات کوجیسے چاہے شروع کرسکتا ہے۔ ہوسکتا ہے۔ ویسا ہی ہو۔لیکن ایسی صورت میں خدا کائنات کو بے قاعدہ طریقہ سے بھی شروع کرسکتا تھا۔ تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خدانے ایسا چاہا کہ کائنات بڑی ترتیب سے چندقوانین کے مطابق تشکیل پائے۔ چنانچہ یہ فرض کرنا بھی بالکل معقول محسوس ہوتا ہے کہ کائنات کی ابتدائی حالت بھی قوانین ہی کے تابع ہوگی۔(۱۰)

کیرن آرمسٹرانگ نے اپنی کتاب The Battle for God میں واضح طور پر وقت کے ساتھ ساتھ ہونے والی جدید معاشرتی و سائنسی تبدیلیوں اورجدتوں کیساتھ مذہب کے بھی انسانی طبیعت وفطرت میں پختہ احساس پراظہارحیرت کرتے ہوئے لکھا ہے:

The religious resurgence has taken many observers by surprise. in the middle year of 20th century, It was generally taken for granted that secularism was an irreversival trend and that faith would never again play a major part in the world events.It was assumed that as

human beings became more rational, they either would have no further need for religion or would be content to confine it to the immediately personal and private areas of their lives. But in the late 1970,s fundamentalism begain to rebel against this secularist hegemony and started to wrest religion out of its marginal position and back to centre stage. In this , At least they have enjoyed remarkable success. Religion has once again become a force that no government can safely ignore."(11)

حیرت کی بات ہے کہ مذہبی احیا کو بہت سے متبعین حاصل ہو گئے ۔بیسویں صدی کے وسط میں یہ امر عموماً یقینی خیال کیا جاتا تھا کہ سیکولرازم کا خاتمہ نہیں ہو سکتا۔اور پھر یہ بھی کہ عالمی احوال میں عقیدہ و مذہب کوئی بڑا کردار دوبارہ ادا نہیں کر پائے گا۔یہ فرض کیا گیا تھا کہ انسان جونہی زیادہ عقلیت پسندی کی طرف مائل ہوتے جائیں گے انہیں مذہب کی یا تو زیادہ ضرورت نہیں رہے گی یا پھر وہ اسے اپنی زندگیوں میں فقط شخصی یا نجی حدود میں ہی رکھنے پر قانع ہو نگے ۔مگر ۱۹۷۰ کے عشرہ کے اواخر میں بنیاد پرستوں نے سیکولرازم کی اس اجارہ داری کے خلاف مزاحمت و بغاوت کی ابتدا کی اور مذہب کو اس کے کناروں سے نکال کر مرکز میں لانا شروع کر دیا۔کم از کم اس حوالے سے وہ نمایاں طور پر کامیاب ہو چکے ہیں۔مذہب ایک مرتبہ پھر ایک ایسی قوت بن چکا ہے جسے کوئی بھی حکومت بآسانی نظر انداز نہیں کر سکتی۔

اسی طرح سٹیفن ہاکنگ 'بشر مرکزی اصول(Aanthropic Principle) سے متعلق بحث کرتے ہوئے بالصراحت لکھتا ہے:

اس بات کی تشریح و توضیح کرنا خاصا دشوار ہوگا کہ کائنات اس طرح ہی کیوں شروع ہوئی ؟ اسے فقط ایک ایسے خدا کا کارنامہ ہی کہا جا سکتا ہے جو ہماری مانند ایک مخلوق پیدا کرنا چاہتا تھا۔(۱۲)

سٹیفن ہاکنگ کہ جسے آئن سٹائن کے بعد لوکاسیئن چیئر کا اہل سمجھا گیا۔اس کا مقام و مرتبہ

اہل سائنس میں آج کسی سے مخفی نہیں۔اس کے حیران کن الفاظ سے یہ بات سمجھنا کسی بھی ذی فہم کے لیے ذرا بھی مشکل نہیں کہ جو سائنس آج سے چند سال قبل تک کسی بھی خدا و مذہب کو قطعی بے معنی خیال کر رہی تھی کس قدر تیزی سے اپنے جدید تر اصولوں کی روشنی میں خدا و مذہب کو ضروری سمجھنے لگی ہے۔

سائنس اور مذہب' تصادم و اتصال کے ممکنہ پہلو

کئی سائنسی مفکرین اس بات پر پختہ ایمان رکھتے ہیں کہ سائنس مذہب سے کبھی مصالحت نہیں کرسکتی۔ان کی رو سے ایک سائنسدان کو یہ متصور کرنا بھی مشکل ہے کہ وہ ایک سچا مذہبی بھی بن سکے بالخصوص خدا کی وحدانیت پر یقین کے معنوں میں۔ان کے مطابق اس کا سبب مذہب کا اپنے نظریات کو سچا ثابت نہ کرسکنا ہے جبکہ سائنس اس کے برعکس ایسا کرسکتی ہے۔مذہب خدا کی موجودگی کی کوئی حسی شہادت پیش کیے بغیر ہی کام چلاتا ہے جبکہ سائنس اپنے تمام تر مفروضات ونظریات کی تجربہ کے ذریعے آزمائش کو تیار ہوتی ہے۔متشککین کے بقول مذہب ایک غیر جانبدار شاہد کو مطمئن نہیں کرسکتا چنانچہ سائنسی و مذہبی طریقۂ تفہیم میں تصادم لازم ہے۔سائنسی متشککین کے بقول مذہب سائنس کی بے لاگ وجرأت مندانہ دیانت داری سے محروم ہے مثلاً تصورِ خدا ترید و تحریف سے مکمل بالامحسوس ہوتا ہے اس لیے سائنس کی عدالت سے کامیاب نہیں ہوسکتا اور یہ کہ مذہب کی بنیاد قیاسی مفروضات (assumptions) پر ہے جبکہ سائنس چیزوں کو اس طرح تعین شدہ نہیں لیتی۔مذہب کا زیادہ تر انحصار تخیل پر جبکہ سائنس قابل مشاہدہ حقائق تک محدود ہے۔مذہب جوشیلا، جذباتی وغیر معروضی جبکہ سائنس غیر جانبدار، متوازن و معروضی رہنے کی کوشش کرتی ہے۔اس طرح یہ تضادات سائنس ومذہب کے مابین لاینحل عداوت ونزاع میں اضافہ کرتے ہیں۔

جبکہ دوسری جانب بہت سے سائنسدان اور علمائے دین مذہب و سائنس میں ایسا کوئی اختلاف نہیں پاتے۔ان کے نزدیک واضح طور پر اور متعین شدہ اپنے اپنے دائرۂ عمل وتحقیق میں ہر ایک مضبوط بنیادوں پر کھڑا ہے۔ان کی رو سے ہمیں مذہب و سائنس کو ایک دوسرے کے معیار سے نہیں جانچنا چاہیے کیوں کہ دونوں کے سوالات مختلف النوع ہیں اور جوابات بھی قطعی مختلف ہیں کہ ان دونوں

میں موازنہ انتہائی غیر دانشمندانہ عمل ہے۔ سائنس مادی دنیا کو تجرباتی طور پر جانچتی ہے جبکہ مذہب ان دائمی معنوں کا اظہار کرتا ہے جو تجرباتی طور پر جانی جانے والی دنیا سے ماوراہیں۔ سائنس اس بات پر غور کرتی ہے کہ فطرت میں چیزیں کیسے وقوع پذیر ہوتی ہیں جبکہ مذہب چیزوں کے ہونے اور نہ ہونے سے متعلق ہے۔ سائنس فطرت کے طرز عمل کے مخصوص سوالوں کے جوابات مہیا کرتی ہے جبکہ مذہب فطرت کے حتمی مقصد میں دلچسپی ظاہر کرتا ہے۔ سائنس مخصوص سچائیوں میں دلچسپی لیتی نظر آتی ہے جبکہ مذہب اس بات کی توضیح کرتا ہے کہ ہم سچ کے متلاشی کیوں ہیں۔ موجودہ سائنس پر غور کریں تو ہمیں یہ اتنی خالص اور معروضی نہیں لگتی جتنی کہ اہل سائنس نے بناڈالی ہے اور نہ ہی مذہب غیر معروضی وموضوعی ہے جیسا کہ اہل سائنس کے انکشافات کے بعد اسے خیال کیا گیا۔ اس لیے کہ سائنس واضح طور پر اپنی تاریخ میں غلطیاں کرتی اور دہراتی آئی ہے۔ بلکہ سر جیمز جینز کے الفاظ میں تو سائنس خوفناک غلطیاں یعنی Blunders کا ارتکاب کرتی آئی ہے اور آج بھی کر رہی ہے۔ (۱۳)

چنانچہ ایسی سائنس کو بنیاد بنا کر جس میں نیوٹن، آئن سٹائن، فریڈ ہائل اور سٹیفن ہاکنگ جیسے لوگ اپنے نظریات میں قطعی غیر واضح اور مشکک ہیں، ایسی سائنس کی بنیاد پر خدا اور مذہب کا انکار کیسے کیا جا سکتا ہے۔ اس لیے کہ سائنسی نظریہ قطعی طور پر کبھی بھی ثابت نہیں کیا جا سکتا۔ اگر آج ثابت ہو گیا تو کل کلاں صرف ایک ہی تجربہ سے حاصل ہونے والا کوئی ایک ہی مختلف رزلٹ اسے غلط ثابت کرنے کے لیے کافی ہے۔ اس سلسلے میں ہاکنگ کے الفاظ ملاحظہ ہوں:

> Any physical thoery is alway provisoinal, in the sense that it is only a hypothesis, You can never prove it. No matter how many times the results and experiments agree with same theory. You can never be sure that the next time the result will not contradict the theory on the other hand you can disprove a theory by finding even a single observation that disagree with the predictions of the thoery.(14)

معلوم ہوا کہ ثابت شدہ رزلٹ کبھی بھی قطعی طور پر ایسا یقینی وحتمی علم نہیں فراہم کرتا جس کی

بنیاد پر خدا و مذہب کے انکار کا رستہ اپنایا جائے۔ مذہب کی رو سے کائنات مربوط، قابل فہم اور مکمل طور پر منظم ہے۔ یہ حتمی محبت اور وعدے پر قائم ہے۔ چیزوں کو بصیرت عام فراہم کرتی ہے اور مسلسل علم سے سائنسی جستجو پروان چڑھتی ہے اور جو سائنس کو مقید کرنے والے نظریات سے آزاد کرتی ہے۔

سائنسی جستجو کا بنیادی مقصد اس چیز کی تلاش جو اس کائنات کو متحد یا اکٹھا رکھتی ہے علم کو یکجا کرنے کی تلاش و جستجو میں سائنس مذہب ہی کی مانند ہے۔ مذہب اس اعتبار و بھروسے کی توثیق کرتا ہے جو ناگزیر طور پر سائنس کی بنیاد و اساس ہے۔ مذہب سائنسی دریافتوں کی فہرست میں کچھ اضافہ نہیں کرتا اور نہ ہی فطرت کے متعلق ان چیزوں کا ظاہر کرنا اس کے کام میں شامل ہے جن پر سائنس اپنی کاوش سے پہنچی ہے بلکہ مذہب اپنی فطرت کے مطابق حقائق کی مجموعی عقلیت و معقولیت پر اعتماد رکھتا ہے۔ ان معنوں میں مذہب دوسری راہوں کے بیان کے مقابلے میں سائنسی جستجو کے علم انسانی کی بنیادوں سے زیادہ مربوط ہے۔ مذہب کو اگر ایسے عقیدے کے مفروضوں کی توثیق کے طور پر لیا جائے جس سے سائنس کے سوتے پھوٹتے ہیں، نہ کہ سائنسی مفروضات کے متبادل ذریعے کے طور پر، تو مذہب سائنس کی راہ میں حائل ہونے کی بجائے اسے فروغ دیتا محسوس ہوگا۔ مذہب ہماری سوچ و فکر کے اعتباری پہلو کو ہمہ وقت اجاگر رکھنے کی کوشش میں ہوتا ہے۔ یہ بات شوبرٹ اوگڈن نے یوں کہی ہے کہ مذہب وقت کے ساتھ کم ہونے والے بنیادی اعتبار کو پھر سے یقینی بناتا ہے۔ دنیا میں دکھ، المیے اور موت کی وجہ سے حقیقت پر اعتماد و یقین مسلسل گھٹتا ہے۔ مگر اس اعتماد و یقین کو بحال رکھنے میں زبردست معاون ثابت ہوتا ہے۔ کئی تجربات ہمیں کائنات کے قابل فہم ہونے کے بارے میں شک میں مبتلا کرتے ہیں مگر مذہب ہمیں بہرصورت اعتماد کا حوصلہ دیتا ہے۔ مایوسی کے وقت امیدوں کو بحال کرتا ہے اور اس یقین سے چمٹے رہنے میں مدد دیتا ہے کہ چیزوں کا حتمی مقصد و امکان ان تجربات کی بھی مثبت انداز میں توضیح کر سکتا ہے جو کائنات کو بظاہر بے مقصد بناتے ہوئے محسوس ہوتے ہیں۔ لفظ ''خدا'' ہمیں اس پراسرار معنی و امکان کی جانب متوجہ کرتا ہے جو دنیا کے حتمی ربط اور قابل اعتماد ہونے کے ضامن ہیں۔

گویا مذہبی تعلیمات و قصص ہمیں اس بات کی ترغیب دیتے ہیں کہ ہم اپنے سے بڑھ کر ایک

وسیع تر تناظر کی جانب مائل ہوں اور یہ کہ ہمارے ذہن اس قدر وسعت کے حامل نہیں کہ مخصوص وقت میں خدا کے تصور سے متعلق تمام تر منظر نامہ سمجھ لیں لیکن پھر بھی اس وسیع تر تناظر میں چیزیں قابل فہم ضرور ہیں۔ مذہب ہماری موجودہ محدود سوجھ بوجھ سے پرے اعلیٰ وسیع وعریض دنیا کی جانب جہد مسلسل پر زور دیتا ہے۔ گویا اس نوعیت کی قوت محرکہ سائنسی دریافت کی مہم کو خاموشی سے توانائی فراہم کر سکتی ہے دوسرے لفظوں میں ایک سائنسدان بھی مذہبی ہوسکتا ہے کیونکہ اس یقین پر ہی سائنس کا شعبہ پرورش پاتا ہے کہ دنیا قابل فہم ہے۔(۱۵)

اوگڈن کی بحث سے معلوم ہوتا کہ مذہب بنیادی طور پر چیزوں کے حتمی فہم وادراک میں اعتباری پہلو اپنانے کا داعی ہے۔ مذہب کا یہی داعیہ اسے سائنس کے قریب تر کر کے فرق وامتیاز کے خط کو مٹا ڈالتا ہے۔ اس کی رو سے ہمارا خود کو مذہب کے اعتباری پہلو کے رحم وکرم پر چھوڑنا ہمیں مذہب کے سائنس سے تصادم کی طرف نہیں لے جاتا بلکہ مذہب ہمارے شعور کو سائنسی دریافت کے سفر کے لیے تیار کرتا ہے۔ خود کو براہ راست اس اعتماد ویقین کے ساتھ جوڑے ہوئے ایک سائنسدان دنیا کے لا محدود فہم وادراک کی تلاش وجستجو آسان بنا سکتا ہے۔ اس طرح دونوں میں اتصال وتوثیق کی راہ آگے بڑھتی ہے۔ سائنسی مکالمے میں مذہب کا کام کسی مخصوص سائنسی سوال کا جوب دینا نہیں بلکہ اس بنیادی سوال کا جواب ہے کہ ہمیں سچائی کی جستجو میں بالآخر آگے کیوں بڑھنا ہے۔

مذاہب سماوی اور سائنس کے مابین عدم تصادم کے نظریہ کو بھرپور طور پر LDS Churches کے سابق صدر Ezra Taft Benson نے اپنی ایک کانفرنس رپورٹ میں کہا:

"Religion and science have sometimes been in apparent conflict. Yet the conflict should only be apparent, not real for science should seek truth, and true religion is truth. There can never be conflict between revealed religions and scientific facts. That they have often occupied different fields of truth is a mere deatil. Science is slowly expanding

her arms and is reaching into the invisible domain in search of truth. the two are meeting daily ----science as a child, revealed religion as a mother. Truth is truth wether labeled science or religion. There can be no conflict. Time is on the side of truth----- for truth is eternal. "(16)

مذہب اور سائنس بعض اوقات ظاہری طور پر متصادم نظر آتے ہیں مگر اس کے باوجود یہ اختلاف صرف ظاہری ہی ہے نہ کہ حقیقی۔ اس لئے کہ سائنس سچائی کی متلاشی ہے اور سچا مذہب مبنی بر سچائی ہے۔ گویا ساوی مذاہب اور سائنسی سچائی میں قطعی کوئی تصادم ممکن نہیں۔ دونوں سچائی کے مختلف پہلوؤں کا احاطہ کیے ہوئے ہیں۔ سائنس آہستہ آہستہ اپنے بازوؤں کو سچائی کے غیر مرئی غلبہ کی طرف پھیلا رہی ہے۔ دونوں روزانہ ملتے ہیں۔ سائنس بطور بچہ کے اور ساوی مذاہب بطور ماں کے سچائی سچائی ہی ہے۔ چاہے اسے مذہب کا لیبل لگا دیا جائے یا سائنس کا۔ وقت سچائی کی جانب مائل ہے اس لیے کہ سچ ابدی ہے۔

کائنات میں موجود طبعی فطری قوانین پر تدبر بالحق کیا جائے تو یہ لامحالہ ایک عظیم تر ڈیزائنر کا مظہر ہی دکھائی دے گی۔ فطرت وحیات کے اس عظیم ترین ڈیزائنر نے اس میں جابجا سچائی کا ایسا رنگ بھرا ہے جس سے ملحدین کو بھی مجال انکار نہیں مگر ستم ظریفی دیکھئے کہ حسین وجمیل ڈیزائن کو تسلیم کرتے ہوئے بھی کسی ڈیزائنر کے وجود کو ناممکن، بے معنی اور بے تکا خیال کرتے ہیں حالانکہ سائنس میں کسی تکے کی گنجائش نہیں۔ حیات کی قلمرو میں فطرت کے اختراع کی حیران کن ترین مثالیں موجود ہیں۔ اسی حقیقت کو بالآخر رابرٹ بوائل چارونا چار تسلیم کرتا ہے۔ لکھتا ہے:

> یہ عظیم الشان، نہایت نازک لیکن بہت عمدہ توازن میں موجود نظام عالم تمام تاریخی ادوار میں ہر قوم کے فلسفی کو غور وفکر کی دعوت دیتا رہا اور تمام اصحاب فہم نے تسلیم بھی کیا کہ ان پر اوصاف ساختوں کا مصنف کوئی معبود ہی ہوسکتا ہے۔(١٧)

اسی طرح پال ڈیویز کائنات میں حیات کے اتفاقی وجود میں آنے کے تصور کو رد کرتا ہے:

اگر فطرت نے حیات کے وجود میں آنے کے لیے موزوں اور مناسب حالات پیدا نہ کیے ہوتے تو ہم یہاں بیٹھے اس معاملے پر رائے زنی نہ کرتے ہوئے بڑے آرام سے کہہ سکتے کہ ہماری خوش قسمتی تھی کہ کائنات تھی ہی اس طرح کی کہ حیات کو وجود میں آنے اور پھلنے پھولنے کا موقع مل سکے مگر یہ عمل ایک تکا ہے جو کوئی معنی نہیں رکھتا۔(۱۸)

کچھ آگے چل کر فطرت میں خالق الکون کے واضح اور بین ترین نشانات کو پال ڈیویز تسلیم کرتا ہے:

واضح سی بات ہے کہ ڈیزائنر کے شواہد فطرت میں جگہ جگہ موجود ہیں لیکن وہ ڈیزائنر کسی نہ کسی طور پر ہم سے پوشیدہ ہے غالباً ایک خاص سطح کی سائنسی کامیابیوں کے بعد ہم اس کو پا سکتے ہیں۔(۱۹)

معلوم ہوا خدا باری تعالیٰ کا انسان کو مستقبل میں اپنی نشانیوں کے ذریعے سے شناسائی کروانے کی سچائی کا اعلان آج برملا اہل سائنس کر رہے ہیں۔ قرآن نے جب یہ واضح کیا:

سنریھم ایٰتنا فی الآفاق و فی انفسھم حتیٰ یتبین لھم انه الحق۔(۲۰)

ہم عنقریب انہیں اپنی نشانیاں آسمانوں میں اور خود ان کے اپنے نفسوں میں دکھائیں گے حتیٰ کہ ان پر واضح ہو جائے گا کہ وہ حق ہے۔

اور پھر نہ صرف مذہب کی سچائی کا آج اہل سائنس ڈنکا بجا رہے ہیں بلکہ مذاہب میں توحید خالص پر مبنی مذہب کی سچائی کا صریح اعتراف ہو رہا ہے۔ اس سچائی کا انکشاف بھی ڈیویز کے اعلان سے یوں ہو رہا ہے:

بیشتر طبیعات دانوں کا خیال ہے کہ ان کے زیر تحقیق معاملات کی پیچیدگیوں کے پس منظر میں نہایت مہتمم بالشان اور طاقتور وحدت موجود ہے وہ یہ بھی سمجھتے ہیں کہ

مناسب ریاضیاتی اوزاروں اور طریقوں سے فطرت میں نظر آنے والے تنوع اور پیچیدگیوں کے پس منظر میں کارفرما سادگی کا سراغ لگایا جا سکتا ہے۔(۲۱)

اس طرح گویا انکار خدا و مذہب اپنی انا کو کبریائی قوتیں دینے کے مترادف ہے۔ یہ انسانی گمان ہے کہ اس کا شعور و عقل کائنات کی زندگی وموت کی ذمہ داری لے سکتا ہے۔تو یہ گویا الحاد و دہریت کی نفسیاتی تعبیر یہ ہوگی کہ دنیا میں اور میرے گردوپیش میں جو کچھ ہورہا ہے وہ لامحالہ میری ہی وجہ سے ہورہا ہے۔اپنے عمل بد اور خیر کا ذمہ دار انسان ہی ہے۔ایک طرف یہ فلسفہ فرد کی انفرادیت کو مطلق قدر کا حامل قرار دیتا ہے تو دوسری جانب فرد کو پوری انسانیت کی بقا کا ذمہ دار گردانتا ہے۔ یہ فرد اصل میں انسان کی ''میں'' یا ''انا'' ہے۔جب یہ ''میں'' خدا کے وجود کی انکاری ہوئی تو دنیا کے خیر وشر، حسن وقبح کی ذمہ داری اپنے کاندھوں پر لے کر خود خدا بن بیٹھی۔گویا انکار خدا سے اپنی انا کو کبریائی کی صفات دینا پڑتی ہیں جو ذہن میں خلش وخلجان پیدا کرتی ہیں کیونکہ پھر غیر اختیاری اور غیر شعوری پن کی توجیہہ کرنا پڑتی ہے۔

گویا طبعی وفطری طور پر تصور خدا سے مفر ممکن نہیں۔کوئی بھی شخص اپنے ایام جوانی میں وسیع سے وسیع تر اور بلند سے بلند تر ہونا چاہتا ہے۔سخت جدوجہد کرتا ہے حتیٰ کہ چالیس سال کی عمر میں پہنچ کر اسے اپنے قویٰ مضمحل ہوتے محسوس ہوتے ہیں۔یہی وقت ہوتا ہے کہ جب وہ کسی قدر دروں بینی کی ضرورت محسوس کرتے ہوئے اپنے باطن میں جھانکتا اور اپنی داخلی کیفیات کا محاسبہ کرتا ہے۔گویا اب روح اسے زندگی کے بجائے موت کی قبولیت اور اس کی تیاری کی دعوت دے رہی ہوتی ہے۔یہی وقت اس کے مذہبی تفاعل کی بیداری کا ہوتا ہے جو اسے اس کی حقیقت سے آشنائی دلاتا ہے۔اس سے مراد یہ نہیں کہ جوانی میں مذہبی تفاعل بے کار تھا۔ بلکہ جوانی میں یہ مذہبی تفاعل خارجی اعمال ورسوم پر منحصر ہوتا ہے۔

قرآن نے اس طبعی تقاضے کو یوں بیان کیا ہے کہ اب وہ شکر مندی کے احساس کے ساتھ بھرا ہوا اپنے رب سے التجا کرتا ہے۔

حتیٰ اذا بلغ اشده وبلغ اربعين سنة قال رب اوزعني ان اشكر

نعمتک التی انعمت علی و علی و الدی و ان اعمل صالحاً ترضاہ
و ادخلنی برحمتک فی عبادک الصالحین۔ (۲۲)

بیسویں صدی کے معروف و نامور عالم تقابل ادیان روڈولف اوٹو بھی انسان کے وجود میں خدا کی طبعی ضرورت اور اس کے احساس کی کیفیت کو یوں بیان کرتا ہے:

''مذہبی تجربہ انسان کو اس وقت ہوتا ہے کہ جب نامعلوم حقیقت آپ کو اپنی گرفت میں لے لے اور آپ ایک غیر مرئی عظمت محسوس کریں تو اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ یہ نامعلوم حقیقت اور یہ غیر مرئی عظمت آپ کی شخصیت میں حقیقت کا کرب اور عظمت کی صفات مہیا کرتی ہیں۔ یہاں انسانی روح پر سرشاری کا عالم طاری ہوتا ہے۔'' (۲۳)

کائنات اور اس میں موجود انسان کا کسی غیر مرئی مگر حیران کن طور پر ہر لحظہ محسوس کیے جانے والے خدا سے تعلق اس قدر حقیقی معلوم ہوتا ہے کہ کائنات کی پرشکوہ ندرت، لطافت، تنظیمی پیچیدگی نے انسان کو ہمیشہ مبہوت کیے رکھا ہے۔ اجرام فلکی کا چلن، موسموں کا سائیکل، گرتی ہوئی برف کے گالے اور جانوروں اور ان کی انواع کی کثرت و اسراریت، یہ سب کچھ اس قدر مترتب ہے کہ کائنات کسی سوچ اور اعلیٰ ذہنیت سے عاری کسی حادثے کا نتیجہ قطعی معلوم نہیں ہوتی ہے۔ لہذا اسے کسی معبود کی کاریگری و صناعی قرار دینا قطعاً غیر حقیقی نہیں ہے۔ پُر اسراریت کی بھری دنیا میں انسانی جین کی ڈی کوڈنگ کسی حیران کن معجزہ سے کم نہیں۔ ایک خلیہ میں اربوں معلومات کی فعالیت اور ایک مکمل شعوری کائنات کا وجود کیونکر کسی حادثہ کا نتیجہ ہو سکتا ہے۔ ڈی این اے کا دریافت کنندہ اور نوبل انعام کا حامل فرانسس کرک خود اس بات کا برملا اعتراف کرتا نظر آتا ہے:

An honest man armed with all knowledge available to us now, could only state that in some sense, the orgin of life appears at the moment to be almost a miracle.(24)

اسی طرح ہر ذرہ، ہر ایٹم میں موجود ایک حیران کن عقلمندی کا انکشاف نظر آتا ہے۔ اس حقیقت کو نامور

سائنسدان Gerald Schreoder نے یوں لکھا ہے:

Every particle, every being, from atom to human, appears to represent a level of information, of wisdom.(25)

یعنی ہر ذرہ، ہر نوع، ایٹم سے انسان تک سب کسی عقلمندانہ معلومات کے لیول کا اظہار ہے۔

ڈی این اے کی حیران کن اور دنیائے سائنسدان کو ورطۂ حیرت میں ڈال دینے والی ایجاد نے نظریہ ارتقاء کے تابوت میں آخری کیل ٹھونک ڈالی اور انسان کے وجود کو کسی ماوراء قدرت کاملہ کا کرشمہ بتایا ہے۔

خلاصہ بحث

حیات انسان کو خوش وخرم اور کامیاب رکھنے کے لیے اسے حسن توازن دینے اور اپنا مقام سمجھنے کے لیے جب موجودہ نظام ہائے زندگی کو دیکھا جائے تو سخت مایوسی کا سامنا کرنا ہوگا۔ اس لیے کہ دنیا کی غالب اکثریت، کسمپرسی، بدامنی اور عدم اطمینان کی حالت میں ہے ایسی کیفیت میں جدید ہائی ٹیک مشینیں انسان کو ذہنی وقلبی سکون واطمینان نہیں عطا کرسکتیں کیونکہ انسانی خوشی، سکون وراحت سب داخلی اوصاف ہیں جنہیں خارجی عوامل سے تخلیق نہیں کیا جاسکتا تو پھر زندگی کا توازن، ایمان اور روح کو شاد رکھنے کا نظام کہاں سے آئے گا؟ روح کی تسکین لامحالہ روح کے خالق کی جانب سے ہی آئے گی۔ اسی کا دیا ہوا نظام حیات دائمی فلاح وخیر کے حصول کی بنیاد ہوگا۔ یہاں کئی لامذہب جو انسانیت کو مذہب پر فوقیت دیتے ہیں اعتراض کرتے ہیں کہ مذہب کی اگر کوئی حقیقت تھی تو وہ سائنس و ٹیکنالوجی کی ترقی کے زمانہ کے بہت آگے بڑھ جانے کے باعث ناقابل عمل ہو چکی۔ چنانچہ انسان اپنے متعلق خوب اچھے سے اچھا اور بہتر سے بہتر سوچ سکتا ہے حالانکہ سائنس وٹیکنالوجی پر معتمد رہنے والوں کو اپنی ہی جدید سائنس انکشافات پر بغور نظر ڈالنی چاہیے کہ جدید تر تحقیقات واضح کررہی ہیں کہ پورا کارخانہ قدرت ایسی مابعد الطبیعات کی بنیاد پر چل رہا ہے جو فلاح انسانی کا ضامن ہے۔

حیات وکائنات پر تفکر وتدبر سے ہی انسانی سماج کی بہتری اور تغیر کے لیے حیات وکائنات

پر غور وفکر کرتے ہوئے خالق الکون کی اتھارٹی کو ہی نقطہ آغاز ماننا ہوگا اور انسانی تہذیب وترقی کے سفر میں اسی کے دیئے ہوئے نظام کو معیار بنانا ہوگا تب ہی قضیہ سائنس واجتہاد سے درست طور پر عہد برآ ہوا جا سکے گا۔ تبھی سوچ وفکر کا نظریاتی وعملی قبلہ درست ہو سکے گا اور معیار ذاتی نفع بخشی اور نام نہاد تہذیبی تغیر نہیں بلکہ وحی کا آفاقی خیر ہوگا جس سے اندھی وگمراہ کن تہذیب جنم لینے کی بجائے ایسا تمدن تخلیق پائے گا جو خدا کی خوشنودی سے مربوط ہوگا۔

☆☆☆☆☆

حوالہ جات

۱۔ القرآن الکیم، ۴۱:۵۳

2. Collin's Dictionary, P:842, vol:II, McMillion Company, New York, 1986

۳۔ القاموس الوحید، ص:۵۷۸، مادہ ذ۔ہ، ادارہ اسلامیات، لاہور، کراچی، جون ۲۰۰۱ء

۴۔ القرآن الکیم، ۳۰:۳۰

۵۔ البخاری، کتاب الجنائز، باب ما قیل فی اولاد المشرکین، ح:۱۳۸۵، مکتبہ دارالسلام، الریاض، ۱۹۹۹ء/۱۴۱۹ھ

۶۔ القرآن الکیم، ۴:۱۶۵

7. Huxly, Jolian, Religion without revelation, P:54 , New York, 1958

8. Darwin, Charles, The life and letters of charles Darwin, Ch viii, P:274, D Appleton, & co, New York

9. Huxly, Julian, The New Divinity, retrieved from; http://www.update.uu.se/ fbendz/library/jh_divin.htm, 4-12-2010

10. Hawking, Stephan, A Briefer History of Time, P: 15, Bantam Publishing, New York, 2008

11. Armstrong, caren, the battle for God, P:12 ballentine books, 1st edition rendom house publishing groups 2011.

12. Hawking Stephan, A Briefer History of Time, P:123

13. Jeans, James, The Mysterious univers, P: University Press, Cambridge, London

14. Hawking, Stephen., A Brief History of Time, P:26

15. Ogden Schobust, The reality of God and other essays, P:44, Harper and Dow, New York, 1966

16. Benson, Ezra taft, LDS conferance report, april 1966.

17. Boyle, Robert, A disquisition about the final causes of natural things, vol:4, P:522, London, 1744

18. Davis, Paul, Mind of God, P:203, Simon & Schuster, New York, 1992

19. Ibid, P:205

۲۰۔ القرآن الحکیم،۴۱:۵۳

21. Davis, Paul., Mind of God, P:208

۲۲۔ القرآن الحکیم،۴۶:۱۵

23. Otto, Rodolf. The idea of Holy, P:18, Oxford Univeristy Press, 2nd edition, 1958

24. Crich, francis, Life itself: Its origin and nature, P:88, Simon and schuster, New York, 1981

25. Schreoder, Gerald. The hidden face of God, P: 11, Touchstone, New York, 2001

اُردو ادب کی تاریخ اور ''تاریخی وژن''

ڈاکٹر ریاض قدیر☆

Abstract

This article gives a meticulous analysis of "Literary History of Urdu Literature" written by Dr. Tabassum Kashmiri in the light of the fundamental and vital principle of literary historiography. How and where this historical vision works and manifests itself in this book has been pointed out quoting from the text. An attempt has been made to measure and encompass the depth and breadth of this vision. Last but not least, the article spotlights some significant features of the distinctive style of the writer.

تاریخ اگر انسانی شعور کے ارتقا کی روئیداد ہے تو ادب اس روئیداد کا محسوساتی اظہار ہے۔ ایک تاریخ وہ ہے جو عام مورخ خارج کے سیاسی وسماجی حالات وواقعات کی روشنی میں مرتب کرتا ہے اور ایک تاریخ وہ ہے جو ایک ادیب اپنے تجربات ومشاہدات اور محسوسات کے اظہار کی صورت میں رقم کرتا ہے۔ اوّل الذکر خارجی احوال کے ذریعے انسانی شعور کے ارتقا کی داستان سناتی ہے۔

☆ ایسوسی ایٹ پروفیسر اردو، گورنمنٹ کالج آف سائنس، وحدت روڈ، لاہور

تو موخر الذکر انسان کی داخلی واردات کی آپ بیتی۔ یہ دونوں تاریخیں دراصل انسانی شعور کے سفر کی روئیداد ہیں۔ایک کا انداز بیانیہ ہے تو دوسرے کا محسوساتی۔تاریخ کا سفر دراصل انسانی شعور کے ارتقا کا سفر ہے۔مورخ جہاں اس سفر کے پس پردہ مختلف محرکات کی نشان دہی کرتا ہے وہاں اس سفر کی مختلف کڑیوں میں موجود ایک زمانی حرکت اور تسلسل کا سُراغ بھی لگاتا ہے۔عام مورخ اس حرکت اور زمانی تسلسل کو خارجی احوال میں تلاش کرتا ہے۔جبکہ ادبی مورخ اس کا سراغ زبان وادب کے نمونوں کی روشنی میں لگاتا ہے۔

ادبی تاریخ صحیح معنوں میں ادبی تاریخ اس وقت بنتی ہے جب ادبی مورخ (ادبی نمونوں کی روشنی میں) انسانی شعور میں رونما ہونے والی عہد بہ عہد تبدیلیوں کو ایک زمانی تسلسل کی صورت میں دیکھتا اور دکھاتا ہے۔اس حوالے سے اُردو کی ادبی تاریخوں کا مطالعہ کیا جائے تو مایوسی ہوتی ہے کہ بہت کم مورخین ادبی تاریخ کے اس تصور کا شعور رکھتے ہیں۔رام بابوسکسینہ کی ''تاریخ ادب اُردو'' اعجاز حسین کی ''مختصر تاریخ ادب اُردو'' ڈاکٹر محمد صادق اور علی جود زیدی کی A Histary of Urdu "Laturature" سلیم اختر کی ''اُردو ادب کی مختصر ترین تاریخ'' اور حسن اختر ملک کی ''تاریخ ادب اُردو'' کا شمار اُردو کی معروف اور ابتدائی تاریخوں میں ہوتا ہے مگر یہ تاریخیں تذکرہ نگاری کی روائت سے پوری طرح نکلنے نہیں پائیں۔شعرا وادبا کے حالات وکوائف کی جمع آوری اور محاسنِ کلام کا روائتی اندازِ نقد ان تاریخوں کی عمومی خصوصیات ہیں۔یہ تاریخیں ادبی مطالعات کے حوالے سے خارج کے سیاسی وسماجی تغیرات سے انسانی شعور میں پیدا ہونے والی تبدیلیوں کو منظر عام پر نہیں لاتیں جن کا اظہار اُردو ادب میں عہد بہ عہد ہوتا رہا ہے۔کچھ تاریخیں بعض اداروں کی طرف سے شائع ہوئیں مثلاً تاریخ ادبیات مسلمانان پاک وہند (پنجاب یونیورسٹی) اور تاریخ ادب اُردو (علی گڑھ یونیورسٹی)۔یہ تاریخیں چونکہ مختلف مضمون نگاروں کے مضامین کو یک جا کر کے مرتب کی گئی ہیں لہٰذا ان میں بھی کوئی ایک تاریخی نقطۂ نظر کارفرما دکھائی نہیں دیتا۔ان تاریخوں میں اگرچہ مختلف ادوار کے سیاسی وسماجی پس منظر کو بھی شعرا

کے مطالعے سے قبل شامل کیا گیا ہے مگر اس کے باوجود یہ تاریخیں اُردو زبان وادب کے حامل افراد کے شعور کی ارتقائی منازل کو سامنے نہیں لاتیں۔

اُردو ادب کی تاریخوں میں ڈاکٹر جمیل جالبی کی ''تاریخ ادب اُردو'' کو یہ اوّلیت حاصل ہے کہ اس میں پہلی بار ہم اُردو زبان وادب کی روشنی میں انسانی شعور کے عہد بہ عہد مائل بہ ارتقا رجحانات سے آشنا ہوتے ہیں۔ ڈاکٹر تبسم کاشمیری کی ''اُردو ادب کی تاریخ'' اس نقطہ نظر سے اُردو ادب کی تاریخوں میں ایک اہم پیش رفت ہے کہ اس تاریخ میں شعر وادب کے حوالے سے انسانی شعور کی حرکت اور تسلسل کو تاریخ کے جدید نظریات کی روشنی میں دیکھا اور دکھایا گیا ہے۔ ڈاکٹر موصوف اپنے ذہن میں ادبی تاریخ نگاری کا ایک واضح تصور رکھتے ہیں۔ اور ''اُردو ادب کی تاریخ میں'' آپ نے اس تصور کو ہر جگہ مدِنظر رکھا ہے۔ آپ کے نزدیک:

> ''ادب کی تاریخ کو جو قوت ادبی تاریخ بناتی ہے وہ ادبی مورّخ کا وژن ہے۔ تاریخ کے خاموش گم نام اور تاریک گوشوں کو اس کی ذہنی بصیرت روشن کر دیتی ہے۔ بکھرے ہوئے مواد اور غیر مرتب تصورات کو ایک مربوط معنی دے کر وہ کسی عہد کو بامعنی بنا دیتا ہے۔ وہ چیزیں جو پہلے محسوس نہ ہوتی تھیں اب ہمیں محسوس ہونے لگتی ہیں۔ ادبی مورّخ کے مشاہدے کے ذریعے ہم سیاسی تاریخ کی دھڑکنیں سننے لگتے ہیں اور تاریخ کا منظر نامہ متحرک ہو کر سامنے سے گزرنے لگتا ہے۔ اور بالآخر ہم اس عہد کی عصری حسایت کا مشاہدہ کرنے لگتے ہیں مگر یہ سب کچھ ادبی مورّخ کے ہمہ گیر علم ہی سے ممکن ہو سکتا ہے۔ فلسفہ، نفسیات، دیو مالا، سیاست، تہذیب اور ثقافت میں غواصی کے بعد ہی یہ ممکن ہے کہ ادبی مورّخ ہمیں کسی عہد کے (Vision) سے آشنا کرے''۔(۱)

ظاہر ہے کہ ادب کے حوالے سے کسی بھی عہد کے (Vision) کو تلاشنے کے لیے ایک ہی

طرح کی تنقیدی پیمانے (Parameters) کام نہیں دے سکتے۔ ہر عہد کے حالات اور مسائل دوسرے عہد کے حالات ومسائل سے مختلف ہوتے ہیں اور ان مختلف حالات کے محرکات میں بھی اختلاف کا ہونا ایک فطری امر ہے۔لہٰذا ادبی تاریخ کا محدود اور یک رُخا تنقیدی شعور ہر عہد کے (Vision) کا سُراغ نہیں لگا سکتا اس کے لیے ادبی مورّخ کے تنقیدی شعور کا متنوع الجہات (Multidimentional) ہونا بہت ضروری ہے۔

''اُردو ادب کی تاریخ''میں تبسّم صاحب کی تنقیدی بصیرت نہایت موزوں اور متنوع انداز میں کارفرما نظر آتی ہے۔ان کا جامع العلوم تنقیدی شعور،تاریخ فلسفہ،نفسیات،تہذیب وثقافت، اور دیو مالا کے گہرے مطالعے کا حاصل ہے اورسب سے اہم بات یہ ہے کہ ان کی بصیرت نے انہیں یہ شعور عطا کیا ہے کہ کس علمی اصول کا طلاق کس جگہ پر کارآمد ہوکر درست نتائج سامنے لاسکتا ہےلہٰذا ان کی تنقید کا انداز کہیں نفسیاتی ہےتو کہیں مارکسی، کہیں عمرانی ہےتو کہیں تہذیبی مگر موقع محل کے عین مطابق گویا

ع:ہر سخن موقع وہر نقطہ مقامے دارد

چناں چہ وہ اگر میر تقی میر کی ذہنی حالت (جنون) کو سمجھنے اور سمجھانے کے لیے جدید علم نفسیات سے مدد لیتے ہیں تو نظیر اکبرآبادی کی شاعری میں موجود اقتصادی ومعاشی مسائل کی تفہیم علم اقتصادیات کےاصولوں کی روشنی میں کرتے ہیں۔میر کی شخصیت کا تجرباتی انداز ملاحظہ ہو:

> ''یہ خیال کہ چاند سے ایک خوبصورت خاتون کا پیکر اتر کر میر کی طرف آتا تھا جس سے آخر شب تک صحبت رہتی تھی۔میر کا خبط (Obsession) تھا۔ نفسیات کے مطابق یہ Paranoia کی صورت تھی۔ایسی کیفیت میں ذہنی حالت کی تبدیلی یا خلل کے سبب مریض کے ذہن میں ایسے خیالات آتے ہیں جو اس کے اپنے بس میں بالکل نہیں ہوتے۔اس کے ذہن پر ایسے مخیلہ کا بھرپور قبضہ ہوجاتا ہے۔اور اگر وہ کوشش بھی کرے تو اس سے رہائی پانا آسان نہیں ہوتا۔

اس نوعیت کا ذہنی مخیلہ ایسے خیالات کو متحرک کرنے پر مجبور کرتا ہے۔ اور وہ ان تمثالوں کو دہرانے پر مجبور ہو جاتا ہے''۔(۲)

نظیر اکبر آبادی کی شاعری کے محرکات کو کس طرح علمی انداز میں اس دور کی اقتصادی صورت حال کے تجزیے سے واضح کیا ہے۔ اس کی مثال بھی دیکھیے:

''نظیر کی شاعری اس انسان کو ہمارے سامنے پیش کرتی ہے جو معاشرے کی اقتصادی تباہ حالی کی وجہ سے گوناگوں مصائب کا شکار تھا۔ پیداواری قوتوں کے بحران اور انحطاط نے اس کے وسائل اور زر کے دائرۂ عمل کو بے حد سکیڑ دیا تھا۔ سکڑتے سکڑتے یہ دائرۂ عمل تقریباً خشک ہوتا جا رہا تھا۔ اقتصادی پہیے کو حرکت دینے کے لیے سرمایہ کی ضرورت تھی مگر سرمایہ کم یاب ہو چکا تھا۔ تجارتی منڈیاں اپنی داخلی توانائی سے محروم ہو چکی تھیں۔ ایسے میں معاشرے کے تمام طبقے طلب زر کی احتیاج شدت سے محسوس کر رہے تھے۔ مگر اس احتیاج کو اقتصادی انحطاط میں ڈوبی منڈیاں کہاں سے فراہم کرتیں۔ نتیجہ کے طور پر پورا معاشرہ زر کے تعاقب میں تھا۔ نظیر اپنے عہد کے ''مبتلائے زر'' معاشرے کی داستان سناتا ہے۔ جو زر کے حصول کے لیے اخلاقی نظام کو تہہ و بالا کر رہا تھا۔ سرمائے کے انحطاط کے سبب صدیوں پُرانی اقدار ریزہ ریزہ ہو گئی تھیں۔ ملکی نراجیت اور نو آبادیاتی نظام کے منفی اثرات سے ہندوستانی معاشرہ بدترین اقتصادی بحران سے گزر رہا تھا''۔(۳)

اِس تاریخ کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں اُردو زبان و ادب کے نمونوں کا تجزیہ بین الشعبہ جاتی علوم (فلسفہ، نفسیات، مذہب، تہذیب، ثقافت، دیومالا اور اقتصادیات) کی روشنی میں کیا گیا ہے۔ ادبی تنقید کے مروّجہ روائتی سانچوں کی بجائے مختلف علوم کے ثمرات سے حاصل ہونے

والی بصیرت کو بروئے کار لاتے ہوئے مختلف ادب پاروں کی تعبیر وتوضیح کی گئی ہے اور ہر دور کے مخصوص حالات کے اسباب وعلل کا سراغ لگا کر اس دور کے وژن کو تلاش کیا گیا ہے۔ وسیع تر تنقیدی شعور سے اُردو زبان وادب میں رونما ہونے والی عہد بہ عہد تبدیلیوں کو دکھا گیا ہے۔ ایک ادبی روائت دوسرے ادبی دور میں داخل ہوتی یا بدلتی نظر آتی ہے۔ اور آغاز سے 1857ء تک کا اُردو ادب اپنی پوری زمانی حرکت اور تسلسل کے ساتھ ہمارے سامنے آجاتا ہے۔ اس موقف کی وضاحت کے لیے تاریخ سے مختلف ادوار کے بارے میں قائم کردہ نقطہ ہائے نظر میں سے چند ایک کی طرف اشارہ مفید ہوگا۔

ا۔ اُردو ادب کے دکنی دور کا مطالعہ وتجزیہ کرتے ہوئے مصنف نے برصغیر پاک وہند کی سیاسی قوتوں کی کشمکش کے تناظر میں دکنی شعر وادب کی روایت میں مرکز گریز قوت کو تلاش کیا ہے تو ولی اور اور سراج اورنگ آبادی کی شاعری کو مرکز جو روائت کا ثمر قرار دیا ہے۔ اس طرح اُردو ادب کی روائت مرکز گریزی سے مرکز جوئی کی طرف سفر کرتی دکھائی دیتی ہے۔

ب۔ اٹھارویں صدی کے ہندوستان میں مرہٹوں، جاٹوں، روہیلوں اور سکھوں کی عسکری طاقت سے پیدا ہونے والی یورشوں اور احمد شاہ ابدالی کے حملوں کی تباہ کاریوں نے ہندوستانی معاشرہ کو جس طرح متزلزل کیا اور اور انسانی زندگی کو بے بس اور لایعنی بنا کر رکھ دیا۔ تبسّم کاشمیری نے اس دور کی لایعنیت جعفر زٹلی اور ایہام گو شعراء کے کلام میں تلاش کیا ہے۔

ج۔ انیسویں صدی میں ہندوستان میں برطانوی اقتدار کی برتری اور مغل حکومت کی آخری ہچکیوں نے غالب اور مومن کے دور کو ''بے بسی'' کی تصویر بنا دیا تھا۔ ''دلی کی بزم آخر'' کے عنوان سے تبسّم کاشمیری نے اس بے بسی کے محرکات کو شعری اور ادبی مظہریات میں تلاش کرتے ہوئے اِسے دلی میں موجود ''کلونیل قوت'' کی پیدا کردہ فضا کا فطری نتیجہ قرار دیا ہے۔

ہر دور کے وژن کی تلاش میں مورّخ نے جملہ تاریخی ماخذات (سیاسی، سماجی، مذہبی......اور

اقتصادی) سے مدد لی ہے ۔تاریخ ادب اُردو کے روایتی ماخذات کے ساتھ ساتھ بعض انگریزی ماخذات کو بھی کھنگالا ہے۔مثلاً MICHAL FISHER کی تصنیف

"A CLASH OF CULTURES"اور"INDIRECT RULE IN INDIA"

FISKER JOHN کی "Myths and Myth Makers"

JUNG. C.G کی ""Psyche and symbolاور"Sychronieity an Acausal"

"Connecting Princepal"

"BRITISH DIPLOMACY IN INDIA" کی کتاب N.K. PENIKAR.

"The Making of colonial Lukhanow" کی OLDEN BURG VEENA TALWAR.

اور پنجاب گورنمنٹ کی شائع کردہ"Record of Dehli Residencey and Agencey"

یہی وجہ ہے کہ اُس تاریخ میں بعض نئے نتائج کا استخراج بھی کیا گیا ہے جو ہماری روایتی ادبی تاریخوں سے منفرد ہیں اور نئے علمی انکشافات کا درجہ رکھتے ہیں۔

ادبی تاریخ عام تاریخ کی طرح محض سوانح، حالات وواقعات اور بیانات کا مجموعہ نہیں ہوتی بلکہ ایک ادب پارہ بھی ہوتی ہے ۔تاریخ نگاری اگر ماضی کے حقائق کی باز آفرینی ہے تو ادبی تاریخ نگاری ماضی کے حقائق کی تخلیقی باز آفرینی ہے ۔ادبی مورخ عام مورخ کی طرح حقائق کو سپاٹ انداز میں بیان نہیں کرتا بلکہ اپنی متخیلہ سے حالات وواقعات اور کرداروں کو از سرِ نو زندہ کرتا ہے ۔ادبی تاریخ میں ماضی اپنی پوری تخلیقی فضا کے ساتھ جگمگا اٹھتا ہے اور یہ جگمگاہٹ ادبی مورخ کی متخیلہ پیدا کرتی ہے۔ ادبی مورخ اپنی بصارت اور بصیرت کے نور سے کسی دور کی اصل تخلیقی دنیا کا نظارہ کرتا ہے۔اور پھر اپنے اُسلوب کی روشنی سے قاری کو اس دنیا کی سیر کراتا ہے۔ادبی مورخ کو اپنی بصیرت اور متخیلہ کی قوت سے پہلے پوری تاریخ کا مشاہدہ کرنا ہوتا ہے۔اور پھر اسے قاری کو دکھانا ہوتا ہے۔

یہ اسی وقت ممکن ہے جب مورخ تاریخ لکھنے سے پہلے خود تاریخ کا حصہ بن کر تاریخ کا سفر کرے۔

اپنے اس سفر کا احوال بیان کرتے ہوئے تبسّم کاشمیری لکھتے ہیں:

''میں نے ادبی تاریخ کے ثقافتی ماضی کو سمجھنے کی سعی کی ہے۔ دراصل میں قاری کو سمجھانے سے پہلے ثقافتی اور ادبی منظر ناموں کو اپنے متخیلہ میں دیکھتا تھا۔ جیتے جاگتے منظروں کی سیر کرتا تھا اور بعد ازاں ان تجربات کو ادبی تاریخ کے قاری کے لیے قلم بند کر لیتا تھا'' (۴)

''اُردو ادب کی تاریخ'' کے مطالعہ سے اس بات کی تصدیق ہو جاتی ہے کہ اس کا مصنف ایک عرصہ برصغیر پاک و ہند کے ماضی کی ادبی و ثقافتی دنیا میں کھویا رہا ہے۔ تاریخ کی کتابوں کی ورق گردانی کرتا رہا ہے، دستاویزات کے کوکھنگالتا رہا ہے اور مختلف شخصیات اور اماکن کی تصاویر کا نظارہ کرتا رہا ہے۔ ماضی کے کرداروں کے ساتھ اٹھا بیٹھا ہے۔ بیجاپور، گولکنڈہ، گجرات، دِلّی اور لکھنؤ کے تاریخی مقامات گلیوں اور محلّوں میں گھوما پھرا ہے۔ پھر ان مقامات، افراد کے احوال و واقعات کی تصویریں اس طرح کاغذ پر کھینچ کر رکھ دی ہیں کہ قاری ان تمام مناظر کو زندہ مرقعوں کی صورت میں اپنی آنکھوں سے دیکھنے لگتا ہے۔ یہاں صرف چند مثالیں درج کی جاتی ہیں۔

۱۔ سب سے پہلے پندرھویں صدی عیسوی کے عادل شاہی دور کے بیجاپور کی تصویر دیکھئے:

''۱۴۹۰ء (۸۹۵ھ) میں پانچ ہزار ترکوں اور آفاقیوں کا ایک بڑا اجتماع بیجاپور کے طرف دار (صوبہ دار) یوسف عادل کے گرد جمع تھا۔ لوگوں کا یہ جم غفیر یوسف عادل کو بیجاپور کا نیا حکمران بنانے کے لیے اپنی ہمدردی اور تعاون کا یقین دلوا رہا تھا۔ بہمنی سلطنت کے داخلی انتشار سے ریاست کے نظم و نسق کا ڈھانچہ ٹوٹ چکا تھا عسکری قوت کمزور پڑ گئی تھی۔ بغاوتوں کے سلسلے جاری تھے اور ریاست کو مرکزی طور پر قابو میں رکھنے والی کسی طاقت کا احساس پیدا ہو چکا تھا۔ چنانچہ جنوبی ہند کا یہ علاقہ تیزی کے ساتھ اپنے خطے میں ایک سیاسی خلا محسوس

کرنے لگا تھا۔ یوسف عادل کے گرد جمع ہونے والا یہ ہجوم اسی سیاسی خلا کو پُر
کرنے کے لیے اسے بیجاپور کا نیا حکمران تسلیم کرنے پر آمادہ تھا۔ یوسف عادل
نے موقع کو مناسب سمجھ کر روائت کے مطابق اپنے نام کا خطبہ پڑھوایا اور چتر
شاہی سر پر آراستہ کر لیا۔ اپنے نام کے ساتھ ''خان'' کی جگہ ''شاہ'' کا لفظ رکھا
اور یوسف عادل شاہ کے نام سے مشہور ہوا''(۵)

ب۔ اور اب میر تقی میر کی دربدری اور اٹھارویں صدی کے عہدِ محمد شاہ کی دلی کا نقشہ ملاحظہ ہو:

''میر علی متقی کا بیٹا محمد تقی باپ کی وفات کے بعد گیارہ برس کی عمر میں آگرہ سے نکلا
اور تن تنہا قافلوں کے ساتھ سفر کرتا صعوبتیں جھیلتا، بدوضع سراؤں میں قیام کرتا
اور بچتا بچاتا جب ۴۵-۱۷۴۴ء میں دِلّی کی فصیلوں کے اندر داخل ہوا تو دِلّی کے
تخت پر محمد شاہ بیٹھا تھا۔ فضاؤں میں ہر طرف عیش ونشاط کی خوشبوئیں پھیل رہی
تھیں۔ خلوت کدوں اور محفلوں میں ادہ بیگم زینت بیگم اور نجی بیگم کے حسن وناز
اور رقص ونغمہ کی دھوم مچ رہی تھی''(۶)

طوالت سے بچنے کے لیے یہاں صرف انہی دو مثالوں پر اکتفا کیا جاتا ہے جبکہ حقیقت یہ ہے کہ ''اُردو ادب کی تاریخ'' کے صفحات ادبی کرداروں کے احوال و واقعات کے مرقعوں سے بھرے پڑے ہیں جنھیں پڑھ کر محسوس ہوتا ہے کہ مورّخ نے ان مناظر کو اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے اور پھر ان واقعات کو اپنی تخلیقی قوت سے زندہ کر کے متحرک تصویروں کی صورت میں ہمارے پیشِ نظر کر دیا ہے۔ مخیلہ کی آنکھ سے دیکھے گئے ماضی کے یہ مرقعے حقائق کی سچی تصویریں ہیں۔ مصنف نے واقعات اور تاریخی حقائق کو اپنی تخلیقی بصیرت سے ایک واضح صورت میں دیکھا ہے اور پھر اسے نقشِ مکرّر کی صورت میں صفحۂ قرطاس پر منتقل کر دیا ہے۔ کسی کردار یا واقعہ کے حقیقی نقوش نہ تو دھندلے ہوئے ہیں اور نہ ہی مسخ ہونے پائے ہیں۔ مصنف نے جملہ احوال و واقعات کی بنیادیں تاریخی حقائق پر استوار کی ہیں۔ تاریخی

حقائق اس کے نزدیک ادبی تاریخ میں خام مواد کی حیثیت رکھتے ہیں۔ سنین کے تعین اور دیگر تحقیق طلب امور کو فیصل کرنے میں مصنف نے تاریخی حقائق سے پوری پوری مدد لی ہے۔ ان کے ذہن میں ادبی تاریخ نویسی کا جو تصور ہے اس میں تحقیق کی اہمیت تو ہے مگر مورخ کی تنقیدی بصیرت کے بغیر کوئی بھی تاریخ صحیح معنوں میں ادبی تاریخ نہیں بن سکتی۔ ان کے بقول:

> ''میری ذاتی رائے یہ ہے کہ ادبی مورخ کو محقق سے زیادہ نقاد ہونا چاہیے۔ یہ تنقید ہی ہے جو کسی بھی مصنف کے ادبی مقام کا تعین کرتی ہے۔ تنقید ہی کسی فن پارے کے محاسن و معائب اور تجزیے کا فریضہ ادا کرتی ہے۔ اگر تاریخ ادب میں ان پہلوؤں پر توجہ نہ دی جائے یا اچھے تجزیے پیش نہ کر سکے تو پھر ادبی تاریخ کا مقصد ہی فوت ہو جائے گا'' (۷)

یہی وجہ ہے کہ ''اُردو ادب کی تاریخ'' کا مصنف بے جا اور طویل تحقیقی مباحث میں الجھنے کی بجائے اپنی توجہ تنقیدی تجزیوں پر مرکوز رکھتا ہے۔ ہر عہد کے نمائندہ شاعر اور ادیب کے کلام کا تنقیدی تجزیہ کرتے ہوئے تاریخ ادب میں اس کے مقام و مرتبے کا تعین کرتا ہے۔ اسی طرح ہر عہد کی ادبی ولسانی پیش رفت کا محاکمہ کرتے ہوئے اس عہد کی ''روح عصر'' کو منکشف کرتا ہے۔ تبسم کاشمیری کے خیال میں ادبی تاریخ شاعروں اور ادیبوں کی پیدائش واموات کا رجسٹر نہیں ہوتی جس میں ہر شخص کا تذکرہ لازمی ہو بلکہ ادبی مورخ کا کام تو رجحان ساز اور نمائندہ شعرا و ادبا کی تخلیقات کے تجزیے سے ان کے عہد کے وژن کو سامنے لانا ہے۔ لہٰذا انہوں نے غیر اہم اور غیر معروف شعرا کے کلام پر بحث کرنا مناسب نہیں سمجھا۔ بلکہ بڑے شعرا، ادبا اور اصناف ادب کے بارے میں اُٹھائے جانے والے اہم نوعیت کے سوالات کے جوابات تاریخی اسباب وعلل کی روشنی میں دیئے ہیں۔ اور ایک ذمہ دار ادبی مورخ کی طرح ادبی تاریخ نویسی کے بنیادی تقاضوں کو پورا کیا ہے۔ کوئی صنفِ ادب ایک خاص دور میں کیوں شروع ہوئی؟ اس کی ترقی کے کیا اسباب تھے؟ پھر یہ ناپید کیوں ہوگئی؟ مثلاً شہر آشوب صرف

دِلّی میں کیوں لکھے گئے؟

مرثیہ، واسوخت اور ریختی کو لکھنؤ ہی میں کیوں عروج حاصل ہوا؟ غالب نے اپنی ادبی زندگی کا نصف دور مکمل کرنے کے بعد اُردو کی جگہ فارسی زبان کو تخلیقی اظہار کا ذریعہ کیوں بنایا؟

یہ اور ایسے کئی فکر انگیز سوالات ہیں جن کے جوابات ''اُردو ادب کی تاریخ'' کا مصنف اپنی تحقیقی بصیرت، تاریخی تجزیے اور تنقیدی شعور سے نہایت مدلل انداز میں مہیا کرتا ہے۔

تبسّم کاشمیری نے اس تاریخ کو جہاں اپنی تنقیدی بصیرت ایک خالص ادبی تاریخ بنایا ہے وہیں اپنے دل کش اسلوب سے اس کتاب کو ایک تخلیقی اُپج بھی عطا کی ہے۔ تحقیق کے نام پر بال کی کھال نہیں کھینچی اور نہ ہی ادق مسائل اور ان کی تفصیلات سے اسلوب کو گراں بار کیا ہے۔ تاریخ کے جامد حقائق کو ہو بہو نقل کرنے کی بجائے مورّخ نے اپنی قوتِ متخیلہ سے حقائق کی باز آفرینی کی ہے۔ اور انہیں نئی زندگی دی ہے۔ مختلف ادوار کی تخلیقی دنیا کے زندہ مناظر کتاب میں قاری کی دلچسپی کو کم نہیں ہونے دیتے۔ تحریر کا انداز کہانی کہنے کا انداز ہے۔ موضوع کی مناسبت سے زبان (DICTION) علمی اور باوقار ہے مگر انداز بیان نہ تو بھاری بھرکم اصطلاحات سے ثقیل ہوتا ہے اور نہ ہی ادق مباحث سے بے کیف ہونے پاتا ہے۔ جملہ علمی نکات ایک دلکش اور دل چسپ اسلوب میں ڈھل کر قاری کے دل و دماغ پر نقش ہوتے چلے جاتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

حوالے

(۱) تبسّم کاشمیری ڈاکٹر، اُردو ادب کی تاریخ (ابتداء سے ۱۸۵۷ء تک) سنگ میل پبلی کیشنز لاہور ۲۰۰۳ء ص ۱۴

(۲) ایضاً: ص ۳۱۶

(۳) ایضاً: ص ۶۶۴

(۴) تبسّم کاشمیری ڈاکٹر، مضمون ''اُردو ادب کی تاریخ کیسے لکھی گئی'' مشمولہ ادبی تاریخ نویسی مرتب: سید عامر سہیل، پاکستان رائٹرز کوآپریٹو سوسائٹی لاہور ۲۰۱۰ء، ص: ۹۵

(۵) تبسّم کاشمیری ڈاکٹر، اُردو ادب کی تاریخ (ابتداء سے ۱۸۵۷ء تک) سنگ میل پبلی کیشنز لاہور ۲۰۰۳ء ص: ۱۰۴

(۶) ایضاً: ص: ۳۱۳

(۷) تبسّم کاشمیری مضمون ''ادبی تاریخ کی تشکیل نو کے مسائل'' مطبوعہ ''تخلیقی ادب'' شمارہ پانچ، جنوری ۲۰۰۸ء نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگوئجز اسلام آباد ص ۱۷

کتابیات

۱۔ تبسّم کاشمیری، اُردو ادب کی تاریخ، سنگ میل پبلی کیشنز لاہور ۲۰۰۳ء

۲۔ سید عامر سہیل (مرتب) ادبی تاریخ نویسی، پاکستان رائٹرز کوآپریٹو سوسائٹی لاہور ۲۰۱۰ء

۳۔ تخلیقی ادب (مرتب) رشید امجد نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگوئجز اسلام آباد ۲۰۰۸ء

شمالی ہند میں اردو تاریخ گوئی کی روایت

(اٹھارویں صدی عیسوی تک)

ڈاکٹر ابرار عبدالسلام☆

Abstract

The composition of chronograms (tareekh goi) is an art based on numerical value of letters which has been determined by its masters. Like a true historian its aim is to give a true picture of the incidents, past and present, through an alphabet, a word a sentence or still a single line. In 19th centurary it was so popular that almost every poet at that time was not only well versed in it but also composed it in Persian, Arabic and Urdu languages to prove his/her poetic excellence. The poets who were weak in it, their poetic ability were doubted. This article deals with the old tradition of chronogramism in the Northern India of 18th century.

ہندوستان ہمیشہ سے غیر ملکیوں کے حملوں کی زد میں رہا۔ ایران کے ہخامنشی شہنشاہ دارایوش اعظم، اشکانی شہنشاہ اَطیوکس اور نوشیرواں اول کے عہد میں ہندوستان پر چڑھائی اور اس کے علاقوں پر تصرف کے شواہد ملتے ہیں۔(۱) ایران کے ان حملوں نے لسانی اور ثقافتی سطح پر ہندوستان پر کچھ نہ کچھ اثر ضرور ڈالا۔ ظہور اسلام کے بعد ۷۱۲ء میں عربوں نے سندھ پر حملہ کیا تو ان کی فوج میں ایرانی بھی موجود تھے۔(۲) شمالی ہند کا اتنا وسیع علاقہ سالوں تک ایرانیوں اور ظہور اسلام کے بعد مسلمانوں کے زیر تسلط رہا۔ اب ایرانیوں اور عربوں نے ان علاقوں میں نہ صرف بود و باش اختیار کر لی تھی بلکہ اسے اپنا وطن بنا لیا۔

☆ اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اردو، گورنمنٹ کالج، کبیر والا

ان ایرانیوں اورعربوں کو رہنے سہنے اور حکومت کرنے کے لیے ایک ایسی زبان کی ضرورت تھی جو مشترکہ لسانی رابطے کا کام دے سکے۔ چوتھی صدی ہجری میں الپتگین، سبتگین اور محمود غزنوی نے پنجاب کے علاقوں پر حملے کیے اور انہیں اپنی سلطنتوں میں شامل کر لیا۔ ان چار صدیوں میں یہاں فارسی زبان کی سرکاری سرپرستی رہی۔ سکندر لودھی کے زمانے میں تو کائستھوں نے فارسی زبان سیکھ کر بڑے بڑے عہدے بھی حاصل کیے۔(۳) ان چار صدیوں میں ہندوستان میں نہ صرف اُردو زبان کا ہیولیٰ تیار ہوا بلکہ یہ زبان عوامی سطح پر رابطے کی زبان بننے کے ساتھ ساتھ شعری تخلیق کا ذریعہ بھی بننے لگی۔ اس زبان کی نشو ونما اور فروغ کا باعث زیادہ تر صوفیائے کرام رہے۔ جنہوں نے عوام سے رابطے کے لیے اس مشترکہ زبان کو استعمال کیا۔

آٹھویں صدی ہجری میں صوفیا کے اقوال، شعرا کے کلام اور گانے والوں کے گیتوں کے واسطے سے ہندوی (اُردو) کے الفاظ اور ان کی صحیح آوازیں مسلم حکومتوں میں رواج پانے لگی تھیں۔ اس زبان نے مسلم معاشرے میں مروج واحد ادبی اور علمی زبان کی حیثیت سے شاہی دربار اور مسجد کے منبر تک رسائی حاصل کر لی تھی۔(۴) نویں صدی ہجری، پندرھویں صدی عیسوی میں اس زبان کا چلن مختلف صوبوں میں ہو چکا تھا۔ اس صدی کے اختتام تک زبان ہندوی خوب ترقی کر چکی تھی اور اس میں مختلف اصناف رواج پانے لگی تھیں۔(۵) دسویں صدی ہجری، سولھویں صدی عیسوی ہندوستان کی تاریخ میں بہت اہمیت کی حامل ہے۔ اس صدی کے چوتھے عشرے میں ہندوستان کو بابر کی صورت میں نیا خون ملا۔ اس صدی سے ہمیں شمالی ہند میں اُردو تاریخ گوئی کے نمونے دستیاب ہوتے ہیں۔ ممکن ہے نویں صدی ہجری میں بھی تاریخیں کہی گئی ہوں لیکن تا حال اس کے نمونے دستیاب نہیں ہوئے۔

سکندر لودھی (۹۲۳ھ م) زبان ہندوی سے بخوبی واقف تھا۔ اس کے سامنے اس زبان کے اشعار پڑھے جاتے تھے۔(۶) اس عہد میں شیخ قطبن نے ۹۰۹ھ میں 'مرگاوت' نامی ایک داستان قلم بند کی جس میں اس نظم کی یہ تاریخ بھی رقم کی:

جہیا پندرہ پت ساٹھی تہیا چوپاہیہ کاٹھی (۷)

مندرجہ بالا شعر میں شاعر نے ۱۵۶۰ اسمت تاریخ بتائی ہے۔ ۱۵۶۰ اسمت ۹۰۹ھ،۱۵۰۳ ء کے مطابق ہے۔

ملک محمد جائسی نے 'پدماوت' میں ایک چوپائی درج کی ہے جس سے اس کے سال تصنیف پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ چوپائی یہ ہے:

سن نو سو ستائیس اہا کتھا ارمبھ میں کب کہا (۸)

۹۳۲ھ/۱۵۲۶ ء میں بابر ہندوستان پر قدم رکھتا ہے تو اس کا سامنا ابراہیم لودھی سے ہوتا ہے۔ ۲۰/اپریل ۱۵۲۶ ء مطابق ۸/رجب ۹۳۲ھ میں پانی پت کے میدان میں بابر کو فتح اور ابراہیم لودھی کو شکست ہوتی ہے۔ اس واقعہ کی تاریخ کسی ہندو بقال نے یہ کہی:

نو سے اوپر تھا بتیسا پانی پت میں بھارت دیا
اٹھواں رجب بار سکروارا بابر جیتا براہم ہارا (۹)

مندرجہ بالا تاریخیں اگرچہ سادہ ہیں لیکن ان تاریخوں سے اس عہد کے دستیاب اردو تاریخ گوئی کے نمونے اس بات کے عکاس ہیں کہ اس عہد میں اُردو (ہندوی) تاریخ گوئی کا آغاز ہو چکا تھا۔ اُردو زبان میں شعرا مختلف واقعات اور تصانیف کی تاریخیں کہہ رہے تھے۔ مزید یہ کہ اس علاقے میں ہندوی زبان سرکاری زبان فارسی کے مقابل تیار ہو رہی تھی اور اپنا غلبہ حاصل کرنے کی کوشش میں لگی ہوئی تھی لیکن اس کی بدقسمتی کہ بابر نے ہندوستان میں قدم جما کر اس زبان کی ترقی کی راہ میں رکاوٹ ڈال دی اور پھر سے فارسی زبان کا سکہ چلنے لگا۔

بابر کی مادری زبان ترکی تھی اور وہ اسی زبان میں شعر بھی کہتا تھا۔ بابر ہندوستان آنے کے بعد تقریباً چھ سال زندہ رہا اور اس مختصر سے عرصے میں وہ اس علاقے کی مشترک زبان سے نہ صرف واقف ہو گیا تھا بلکہ اس میں اچھی خاصی شد بد بھی پیدا کر لی تھی۔ بابر کے ترکی دیوان میں ایک شعر اردو کا بھی موجود ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے نہ صرف اس زبان سے واقفیت حاصل کر لی تھی بلکہ اس میں شعر کہنے کی صلاحیت بھی رکھتا تھا۔ بابر، ہمایوں، اکبر اور جہانگیر نہ صرف شاعر تھے بلکہ

شاعری کا ایک اچھا ذوق بھی رکھتے تھے۔ اکبر اور جہانگیر تو شعر کی پرکھ کا ایک ستھرا تنقیدی شعور بھی رکھتے تھے اور موقع بہ موقع درباری شعرا کے کلام پر اصلاح بھی دیا کرتے تھے۔(۱۰) یہ چاروں بادشاہ ترکی زبان میں گفتگو کرتے تھے لیکن اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے فارسی زبان میں بھی اچھی خاصی مزاولت پیدا کر لی تھی۔ مقامی رعایا سے بول چال اور ضرورت کے تحت انہیں مقامی زبان ہندوی (اردو) سے بھی واقفیت حاصل کرنا پڑی۔ اکبر کی ہندوی زبان سے واقفیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ وہ اس زبان میں نئے نئے نام رکھنے کا بہت شوقین تھا۔(۱۱) جہانگیر بھی اس زبان سے واقفیت رکھتا تھا۔ شاہجہان کی اس زبان سے واقفیت کا یہ عالم تھا کہ جو لوگ فارسی نہیں جانتے تھے ان سے اُردو میں بات چیت کرتا تھا اور قید کی حالت میں اس نے شاہ شجاع کے نام ایک خط ہندوی میں بھی لکھ کر بھیجا تھا۔(۱۲)

مندرجہ بالا بیانات اس بات کے عکاس ہیں کہ مغلیہ عہد میں اگرچہ فارسی کو اقتدار حاصل رہا اور سرکاری سرپرستی حاصل رہی لیکن اُردو زبان اپنی شناخت کے لیے ہاتھ پاؤں مارتی رہی اور کسی حد تک اس زبان نے دربار میں رسائی بھی حاصل کر لی یہاں تک کہ بادشاہوں کو بھی (خواہ ضرورتاً ہی سہی) اس زبان میں گفتگو کرنا پڑتی تھی۔ اکبر ہندی موسیقی سے دلچسپی رکھتا تھا۔ اس نے ہندو مغنیوں اور شاعروں کی سرپرستی کی۔ اس کے عہد میں ہندی میں تخلیقات کا رکا ہوا سلسلہ ایک مرتبہ پھر زور و شور سے شروع ہوا۔ تلسی داس نے اسی عہد میں راماین کے قصے کو منظوم ہندی میں ترجمہ کیا تو اس کی تاریخ بھی کہی:

سمبت سولہ سے اکتیسا کروں کتھا ہری پدھر سیسا
نومی بھوم بار مدھو ماسا اودھ پوری یہ چرت پر کاسا(۱۳)

۱۶۳۱ء سمبت، ۹۸۲ھ اور ۱۵۷۴ء کے مطابق ہے۔ اکبر کی آخری زمانے میں عالم نے 'مادھونل اور کام کندلا' کا قصہ تصنیف کیا جس میں مادھونل اور کام کندلا کے عشق کی داستان کو نظم کیا۔ آخر میں اس کی تاریخ بھی کہی:

دلی میں اکبر سُرتانہ سپت دیت میں واکی آنا
سن نو سو اکانوے اہا کروں کتھا اور بول ناہی(۱۴)

مندرجہ بالا تاریخوں کے پیشِ نظر یہ کہا جا سکتا ہے کہ دسویں صدی ہجری تک کہی جانے والی اُردو تاریخیں سادہ اندازہی میں کہی جاری تھیں۔ ابھی تک اُردو میں تاریخ گوئی کی روایت نے شمالی ہند میں اتنی ترقی نہیں کی تھی کہ اس میں باقاعدہ طور پر معنوی انداز میں تاریخیں کہی جائیں۔ اس عہد میں اُردو اپنی شناخت اور اثر پذیری کے مراحل طے کر رہی تھی۔ فارسی کو مقبولیت اور اقتدار حاصل تھا لہٰذا اس عہد میں معنوی تاریخیں فارسی میں دستیاب ہوتی ہیں۔ ۱۰۱۴ھ، ۱۶۰۵ء میں چھتیس سال کی عمر میں جہانگیر تخت نشین ہوا تو اس وقت فارسی زبان کی اہمیت و افادیت بھی اسی کے ساتھ ہی کم ہونے لگی اور وہ زبان جو فارسی کے اقتدار کے سامنے نظروں سے گری ہوئی تھی، نئے رنگ، روپ کے ساتھ ابھرنے لگی۔

گیارھویں صدی تک آتے آتے اُردو میں منظوم قصوں کی تخلیق میں اضافہ ہونے لگا۔ اس صدی کا ایک شاعر شیخ جیون ہے جس سے محشر نامہ، دردنامہ، خواب نامہ پیغمبر اور دہیر نامہ بی بی خاتون تصانیف منسوب ہیں(۱۵) اشپرنگر نے ان کی تصنیف فقہ ہندی کی تاریخ تصنیف کا یہ شعر نقل کیا ہے:

سن ہزار چوتھی بیچ رمضان اورنگ شاہ کے دور میں نسخہ ہوا نظام(۱۶)

مغلیہ حکمرانوں نے فارسی شعرا کی دل کھول کر سرپرستی کی۔ ان کی سرپرستی کا نتیجہ ہی تھا کہ مغلیہ درباروں سے سینکڑوں شعرا وابستہ رہے۔ اکبر کے دربار میں ہندوستان و ایران کے سینکڑوں شاعر باریاب رہے۔ آئینِ اکبری میں ۵۹ شعرا کا ذکر ملتا ہے۔ ان شعرا کی اکبر نے مستقل طور پر سرپرستی کی۔ ان میں سے بعض صاحبِ دیوان تھے اور بعض نے مثنویاں یادگار چھوڑیں۔(۱۷) ایران سے ہجرت کر کے آنے والے شعرا کی بھی کافی تعداد تھی۔ شبلی نے صرف اکبر کے عہد میں آنے والے شعرا کی تعداد آئینِ اکبری کے حوالے سے ۵۱ سے بتائی ہے۔ شپرنگر نے ایسے شعرا کی خاصی طویل فہرست دی ہے۔(۱۸) ان میں بہت سے ایسے شعرا تھے جو تاریخ گوئی میں بھی کمال رکھتے تھے۔ انہی شعرا میں ایک باکمال شاعر عبدالرحیم خان خاناں تھا جو کئی زبانوں میں شعر کہنے کی صلاحیت رکھتا تھا۔ عبدالغنی نے اس کے چودہ اردو (ہندی) شعر نقل کیے ہیں۔ یہ اشعار ان کے دوست بابو بانکی لال کی ملکیت ایک قلمی مسودے سے نقل کیے گئے تھے۔ اس میں اور بھی بہت سے اشعار ہوں گے۔(۱۹) اکبر نے ۱۰۱۱ھ میں

گجرات فتح کیا تو خان خاناں نے چار مصرعوں پر مشتمل ایک تاریخ کہی جس کے ہر مصرع سے تاریخ برآمد ہوتی ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ چاروں مصرعے چار مختلف زبانوں (عربی، اُردو، ترکی اور فارسی) میں کہے گئے ہیں۔ تاریخ یہ ہے:

یوم الاحد ثانی ربیع الاول   اتوار ربیع الاول کی دوجی

برشنبہ ایکی ربیع الاول   روز یکشنبہ دویم ربیع الاول(۲۰)

ہندی میں کہی گئی تاریخ تعمیہ وتخرجہ کے نقائص سے پاک ہے اور پورا مصرع مکمل مادہ تاریخ کی مثال پیش کرتا ہے۔ اس تاریخ سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ اس عہد میں اُردو (ہندی) میں بھی تاریخ کہنے کا رواج ہو چلا تھا۔ کم یا زیادہ اس سے بحث نہیں۔ ممکن ہے شمالی ہند میں دسویں صدی ہجری میں معنوی تاریخیں کہنے کا رواج ہو گیا ہو۔ چونکہ اس عہد میں اُردو زبان کو سرکاری سرپرستی حاصل نہیں تھی اور اس زبان میں شعر یا تاریخ کہنا کوئی فخر کا باعث نہیں رہا ہوگا۔ اس لیے اس عہد کی زیادہ تاریخیں نہیں ملتیں، چند تاریخوں کا وجود مل جانا اور بات ہے۔

اُردو زبان و ادب کے فروغ کے ساتھ ساتھ اس زبان میں تاریخ کہنے کا شوق بھی بڑھتا گیا۔ اکبر اور جہانگیر کے دور میں ایک طرف شعرا عربی اور فارسی میں تاریخیں کہہ کر انعام پاتے رہے تو دوسری طرف اُردو میں بھی تاریخ کہہ کر اپنی مشاقیِ طبع اور اس زبان کی مقبولیت کا ثبوت فراہم کرتے رہے۔ 'کلمات الشعرا' سے اس بات کی تائید ہوتی ہے۔ فدائی خان جہانگیری کی بیوی کا انتقال ہوا تو کسی شاعر نے اس کی وفات کی تاریخ فارسی میں 'زن فدائیخان مرد' سے نکالی تو ساتھ ہی اس کی اُردو (ہندی) زبان میں بھی تاریخ 'فدائی خان کی جورو موی' کہی۔(۲۱) دونوں تاریخوں سے ۱۰۴۷ھ برآمد ہوتے ہیں۔ ۱۰۸۴ھ میں نواب جعفر خان دیوان اعلیٰ شاہ عالمگیری فوت ہوا تو میر معز نے ان کی وفات کی تاریخ 'جعفر خاں جیو موی' سے نکالی۔(۲۲)

مندرجہ بالا تاریخوں سے یہ بات تو واضح ہو جاتی ہے کہ مغلیہ عہد میں اُردو میں بالخصوص معنوی انداز میں تاریخیں کہنے کا رواج ہو چکا تھا۔ شعرا ایک طرف فارسی اور عربی میں تاریخیں کہتے تو

دوسری طرف منہ کا ذائقہ بدلنے کے لیے ہی سہی اُردو (ہندی) میں بھی تاریخیں کہتے تھے۔ اگر چہ اُردو میں معنوی تاریخیں کثیر تعداد میں ہم دست نہیں ہوتیں لیکن جتنی تاریخیں بھی دستیاب ہوتی ہیں ان کے پیش نظر یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اُردو میں معنوی تاریخیں کہنے کا باقاعدہ رواج گیارھویں صدی ہجری میں ہو چکا تھا۔

اورنگزیب عالمگیر (جلوس ۱۰۶۸ھ) کے عہد تک آتے آتے اُردو زبان اپنے ارتقائی مراحل طے کرتی رہی اور فارسی زبان کی اہمیت و افادیت بھی اسی کے ساتھ کم ہونے لگی اور وہ زبان جو فارسی کے اقتدار کے سامنے نظروں سے گری ہوئی تھی نئے رنگ روپ کے ساتھ ابھرنے لگی۔ اورنگزیب عالمگیر کے طویل دورِ حکومت میں یوں معلوم ہوتا ہے کہ اُردو زبان فارسی کی جگہ لینے کی تیاری کر رہی ہے۔ (۲۳) ۱۰۹۸ھ میں اورنگزیب نے گول کنڈہ کو فتح کر کے دکن کو بھی اپنی حکومت کے ساتھ ملا لیا۔ اورنگزیب کی فتوحات کے ساتھ جب شمال اور جنوب گھر آنگن بن جاتے ہیں تو دکن کے اثرات بھی تیزی سے اہل ادب کو متاثر کرتے ہیں اور یہ زبان یہاں بھی شاعری اور تصنیف و تالیف کی زبان بننے لگتی ہے۔ اورنگزیب کے زمانے میں ایسی کتابیں کثرت سے نقل کی جاتی ہیں جو اُردو میں لکھی ہوئی تھیں۔ (۲۴) اس دور میں اُردو زبان مدرسوں اور مکتبوں میں عام طور پر ذریعہ تعلیم بن جاتی ہے۔ اورنگزیب کے ابتدائی عہدِ حکومت اور آخری دور میں زبان کے رواج اور استعمال میں غیر معمولی فرق نظر آتا ہے۔ (۲۵) اسی عہد میں منشی احمد علی شوراج پوری نے 'قصہ جمجمہ بادشاہ' تصنیف کیا تو اس کی تاریخ یہ کہی:

سن ہزار نناوے اہے   تب ہم ارتھ بول ہے کہے
پہلی کتھا چلی یہ آئی   ایک کہانی نے کہی چوپائی (۲۶)

اس عہد کا ایک اور شاعر اسمٰعیل امروہوی ہے جس نے ۱۱۰۵ھ میں مثنوی 'وفات نامہ بی بی فاطمہ' لکھی اور اس کی تاریخ بھی کہی:

اتھے سال ہجری نبی کے عیاں   گیارہ سو اور پانچ تھے بوجھ جان (۲۷)

۱۱۱۱ھ میں عالمگیر نے ستارہ گڑھ فتح کیا تو میر عبدالجلیل بلگرامی نے عربی، فارسی، ترکی اور

ہندی زبان میں نظم ونثر میں تاریخیں کہیں اور ایک رسالہ ترتیب دے کر عالمگیر کی خدمت میں پیش کیا۔ ستارہ گڑھ کی جو اُردو (ہندی) تاریخیں عبدالجلیل بلگرامی نے کہیں وہ درج ذیل ہیں:

(۱) اورنگ جیب مہابلی لیا ستارا کوپ

(۲) قاضی عالمگیر نے لیا ستارا آپ

(۳) سپت میر جلیل کہی ان سوراودی نے ستارد کہوہی (۲۸)

مندرجہ بالا تاریخیں اس بات کی عکاس ہیں کہ اس عہد تک تاریخیں دو طرح سے کہی جارہی تھیں۔ سادہ تاریخیں تخلیقات کے حوالے سے جبکہ معنوی تاریخیں مختلف واقعات کے حوالے سے کہی جارہی تھیں۔ معنوی تاریخیں بھی خاص خاص مواقع اور امرا اوبادشاہ سے متعلق ہیں۔ ابھی تک عوام سے متعلق تاریخیں کہنے کا سلسلہ شروع نہیں ہوا معنوی انداز میں تاریخیں کہنے والے شعرا ابھی بہت کم ہیں۔

اورنگزیب عالمگیر کی وفات وہ اہم واقعہ ہے جس نے برصغیر کی سیاسی تاریخ کو بدل کر رکھ دیا۔ اورنگزیب کی وفات سے محمد شاہ کے جلوس (۱۱۳۱ھ، ۱۷۱۹ء) کے درمیان تقریباً بارہ برس کے مختصر عرصے میں دس بادشاہ تخت نشین ہوئے۔ (۲۹) ایسے انتشار اور خلفشار کے زمانے میں سنجیدہ ادب کی تخلیق کے مواقع بہت کم تھے۔ بلکہ دہلی کے پریشان حالوں کے لیے قدیم علمی و ادبی سرمایہ کے باضابطہ مطالعے کی صورت بھی کمتر رہ گئی تھی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ اس زمانہ کے مصنفین کے یہاں ہندوی کی قدیم تصانیف سے لاعلمی عام ہوگئی۔ نعمت خاں عالی اور میر جعفر زٹلی کی غزل گوئی نے غم غلط کرنے کا سامان پیدا کردیا۔ اس سے دلچسپی کا سلسلہ عام ہوا۔ اور اس کے اثرات بھی دیرپا اور دوررس ہوئے۔ بعض شاعروں نے ان کی روش کو اختیار کرلیا۔ غرض اس دور میں 'زبان اُردوئے معلا' میں تفنن طبع کو شعر گوئی کے سب سے اہم مقصد اور محرک کا درجہ حاصل ہوگیا۔ (۳۰)

محمد شاہ بادشاہ کا عہد تیس سال پر محیط ہے۔ اگرچہ اس دور میں بھی سیاسی عدم استحکام ہی رہا۔ لیکن سابقہ عہد کی بہ نسبت بادشاہوں کی تبدیلیوں اور اکھاڑ پچھاڑ سے یہ دور محفوظ رہا۔ اس دور میں شعر وادب کو بھی فروغ حاصل ہوا۔ عہد محمد شاہ سے قبل اُردو میں شاعری کا رواج نہیں ہوا تھا۔ اس کی وجہ یہ تھی

کہ شمالی ہند میں بادشاہ اس زبان سے آشنا ہونے کے باوجود فارسی زبان و ادب کی سرپرستی کرتے تھے۔(۳۱) اس دور میں شاعری کی ترقی کے کئی اسباب تھے ان میں سے ایک سبب خود بادشاہ کی ذات تھی۔بادشاہ کی ریختہ گوئی اور ریختہ پسندی کی وجہ سے عوام اور خواص اس طرف راغب ہوئے۔محمد شاہ کے بھائی بلند اختر بھی شاعر تھے۔وہ 'اچھے' تخلص کرتے تھے اس لیے وہ اچھے صاحب کہلاتے تھے۔ انہوں نے ۱۱۳۹ھ میں ایک خوبصورت نظم 'ناہید و اختر' لکھی تھی جس میں ۳۵۵ شعر ہیں۔(۳۲) بادشاہ، امرا اور شہزادوں کی اس طرف توجہ نے اُردو شاعری کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا۔

۱۱۳۲ھ مطابق ۱۷۲۰ء میں ولی کے دیوان کی شمالی ہند آمد نے یہاں کے ادبی ماحول پر بڑے گہرے اثرات مرتب کیے۔(۳۳) ادب کی تخلیق کے ماحول کو مزید سازگار بنادیا اور شمالی ہند کے شعرا میں یہ شوق پیدا کیا کہ وہ بھی ولی کی طرح اپنا دیوان مرتب کریں۔شعرا کے اُردو زبان کی طرف رجحان میں ایک عنصر معارضہ تزیں و آرزو کا بھی ہے۔اس معارضے نے شمالی ہند کے اُردو بولنے والے طبقوں میں اس زبان سے مزید قربت پیدا کردی۔چنانچہ اب شعرا فارسی کی بجائے اُردو میں شعر کہنا باعث فخر سمجھتے تھے۔

مندرجہ بالا عوامل کی وجہ سے شمالی ہند میں اردو زبان میں تخلیقی عمل میں اس حد تک تیزی آگئی کہ عوام اور خواص کے درمیان پھیلی ہوئی خلیج کم سے کم تر ہوتی چلی گئی اور عوامی زبان (اردو) کا سوتا اس طور پر پھوٹا کہ گلی کوچوں میں شعر و شاعری کا چرچا ہونے لگا۔اردو میں شاعری کے اسی رواج نے اردو تاریخ گوئی کے لیے بھی راستہ ہموار کیا۔کسی زبان میں تاریخ گوئی اسی وقت رواج پاتی ہے جب زبان اپنے ارتقائی مراحل طے کرچکی ہو اور اس زبان میں تخلیقی امکانات کے سوتے چہار سو سے پھوٹ رہے ہوں اور شعرا اس زبان میں بلا تکلف شاعری کرر ہے ہوں۔اس عہد میں شعرا کی ایک بڑی تعداد شاعری کرنے میں مصروف ہے۔اس عہد میں بہت سے شعرا اپنے دیوان مکمل کرچکے ہیں یا مکمل کرنے کے عمل سے گزرر ہے ہیں۔

اس عہد میں شعرا کا میلان اردو تاریخ گوئی کی طرف تیزی سے آگے بڑھتا نظر آتا ہے۔

اس عہد میں شعرا بادشاہ اور امرا سے متعلق تاریخیں کہنے کے ساتھ ساتھ اپنے دوستوں، عزیزوں اور قابل ذکر شعرا کی تاریخیں کہتے نظر آتے ہیں۔ ۱۱۲۵ھ میں جعفر زٹلی کو قتل کیا گیا تو اس کے کسی دوست نے اسکی تاریخ کہی۔

چھٹے سب باوفا جیون کے ساتھی   لگی اب تن من میں اب وِیتاگ کی آگ
''حویلی'' چھوڑ، یو بولا زٹلی   ''اندھیری گور میں لٹکن لگے پاگ''(۳۴)

۶۴   ۱۱۸۹-۶۴=۱۱۲۵ھ

اس عہد کا ایک با کمال تاریخ گو میر عبدالحی تاباں ہے۔ میر اور سودا سے تاباں کا بہت اچھا تعلق تھا۔ ان کے دیوان میں پیام، مضمون، محمد علی حشمت، سید احمد خان، روشن رائے اور نواب امیر خان کی وفات کے قطعات تاریخ موجود ہیں۔ انھوں نے 'کد موئے ہے ہے میاں مضموں بتا ۱۱۴۷ھ'، 'تجکو جنت نصیب ہوئی پیام ۱۱۵۷ھ'، 'ہائے حشمت شہید واویلا ۱۱۶۱ھ'، 'سیدی احمد مر گیا واحسرتا ۱۱۵۷ھ'، 'آگ روشن رائے پر ہوئی لالہ زار ۱۱۵۳ھ'، 'مارا ہے امیر خان خبر دی ۱۱۵۹ھ' مادہ ہائے تاریخ سے مطلوبہ سنین حاصل کیے ہیں۔(۳۵) ان تاریخوں کے پیشِ نظر تاباں کو اس عہد کا مشاق تاریخ گو کہنا بے جا نہ ہوگا۔

تاباں نے ان تاریخوں میں نہ صرف صورت واقعہ کو بے کم وکاست رقم کیا ہے بلکہ مادہ تاریخ میں بھی ان افراد کے نام اور وقوع واقعہ کی صورت حال پر روشنی ڈالی ہے جن سے متعلق انہوں نے تاریخیں کہی ہیں۔ ان کی تاریخوں میں سوائے حشمت کی تاریخ کے تمام تاریخوں میں بغیر کسی تعمیہ وتخرجہ کے تاریخیں نکالی ہیں۔ تاباں اپنے عہد کا ایک با کمال تاریخ گو ہے جو تاریخ کہنے پر نہ صرف دسترس رکھتا ہے بلکہ عمدہ، بے تکلف اور فنی محاسن سے بھرپور تاریخ کہنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اگر چہ ان کے دیوان میں صرف چھ تاریخیں موجود ہیں۔ لیکن ان تاریخوں کی فنی پختگی، بے تکلفی، برجستگی اور موقع ومحل کی مناسبت کے پیشِ نظر یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ انھوں نے اور بھی تاریخیں کہی ہوں گی جو دستبرد زمانہ سے محفوظ نہ رہ سکی ہوں گی۔ تاباں کا شمار شمالی ہند کے ان اولین تاریخ گو شعرا میں ہوتا ہے جنہوں نے شمالی

ہند میں با قاعدہ تاریخیں کہنے کا رواج ڈالا اور اپنے دیوان میں اپنی کہی ہوئی اردو تاریخوں کو شامل بھی کیا۔

بارہویں صدی ہجری کا نصف آخر اردو شاعری کے ساتھ ساتھ اردو میں تاریخ گوئی کی روایت کے حوالے سے بھی خاص اہمیت کا حامل ہے۔ یہ ایسا دور ہے جس میں شمالی ہند کی تاریخ گوئی کی روایت میں استحکام پیدا ہوگیا تھا اور اس فن سے متعلق شعرا میں دلچسپی پیدا ہوگئی تھی۔ اس عہد میں شعری اصناف کو خوب عروج حاصل ہوا۔ اسی عروج کے ساتھ ساتھ تاریخ گوئی کے فن نے بھی مقبولیت حاصل کی۔ اب شعرا شاعری کے ساتھ ساتھ تاریخیں کہنے میں بھی مصروف نظر آتے ہیں۔ کوئی واقعہ رونما ہو یا کسی کی ولادت یا وفات ہو، کوئی دیوان تکمیل پائے یا کوئی شعری صنف معرض وجود میں آئے، شعرا ان کی تاریخیں کہتے نظر آتے ہیں۔ اس عہد کے قابلِ ذکر شعرا میں تاباں، سودا، قائم، میر محمد محسن، جعفر علی خاں حسرت، محبت خان محبت، فخر الدین ماہر، اور مائل وغیرہ شامل ہیں۔

ان شعرا میں سودا وہ شاعر ہے جسے تاریخ کہنے میں کمال مہارت تھی۔ سودا الفاظ کے بادشاہ تھے۔ لفظوں سے کھیلنا ان کا دل پسند مشغلہ تھا۔ ان کے پاس لفظوں کا اتنا بڑا اور حیرت انگیز ذخیرہ موجود تھا جس کی بنا پر وہ نت نئے مضامین باندھ دیتے تھے۔ اسی وجہ سے انہوں نے مشکل زمینوں اور اردو شاعری کی تقریباً جملہ اصناف میں کامیاب نمونے تخلیق کیے۔ لفظوں پر استادانہ گرفت ہی کی وجہ سے انہوں نے تاریخوں میں بھی نت نئے جوہر دکھائے ہیں۔ ان کی تاریخوں کو دیکھتے ہوئے انھیں اپنے عہد کا سب سے بڑا اور مشاق تاریخ گو کہا جا سکتا ہے۔ اردو تاریخ گوئی کے چند بڑے، مشاق اور ہنر مند تاریخ گو شعرا کا انتخاب کیا جائے تو ان میں سے ایک سودا بھی ہوں گے۔ تاریخ کہنا ان کے لیے کوئی مشکل بات نہیں تھی۔ سودا کی شاعری کی طرح ان کی تاریخوں میں بھی رنگا رنگی نظر آتی ہے۔ کسی کی پیدائش ہو یا وفات، کسی کی شادی ہو، کوئی معرکے میں فتح پائے، کوئی وزارت پر متمکن ہو یا معزول سودا اس واقعہ کی تاریخ کہتے نظر آتے ہیں۔ سودا نے مہربان خان رند کی شادی کی تاریخ 'ہوا ہے وصل ماہ و مشتری کا' ۱۱۷۶ھ، نواب شجاع الدولہ کی فتح روہیلہ کی تاریخ ' ہے یہ فتح نو خدا داد' ۱۱۸۸ھ، اور نواب ضابطہ خاں کی شکست کی تاریخ 'غوث گڑھ سے گیا وہ کھو کر شرم' سے نکالی ہے۔(۳۶)

سودا نے اکثر تاریخیں مکمل مصرعے سے حاصل کی ہیں۔مکمل مصرع سے تاریخ برآمد کرنا ایک مشاق تاریخ گو کی نشانی ہوتی تھی۔اس حوالے سے سودؔا کو ایک مشاق تاریخ گو کہا جا سکتا ہے۔سودا کی تاریخوں کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ ان کی تاریخیں وقوعِ واقعہ سے مناسبت بھی رکھتی ہیں۔ مندرجہ بالا تاریخیں اس بات کا ثبوت پیش کرتی ہیں۔سودا کی تاریخیں بالعموم تعمیہ وتخرجہ کے عیب سے پاک ہوتی ہیں لیکن جہاں کہیں بھی انہوں نے تعمیہ یا تخرجہ کا استعمال کیا ہے۔انھوں نے اپنی ہنر مندی کے زور پر اس نقص کو بھی خوبی میں بدل دیا ہے۔مرزا مظہر جانِ جاناں کی شہادت کی تاریخ دیکھیے:

مظہر کا ہوا جو قاتل اک مرتد شوم   اور ان کی ہوئی خبر شہادت کی عموم
تاریخ از روئے درد یہ سن کے کہی   سودا نے کہ ''ہائے جانِ جاناں مظلوم''(۳۷)

مندرجہ بالا مادہءتاریخ میں سودا نے مادہءتاریخ 'ہائے جانِ جاناں مظلوم' سے حاصل شدہ اعداد ۱۱۹۱ میں چار عدد کی کمی کو رُوئے درد یعنی 'د' کے چار عدد کے تعمیے کے ساتھ مطلوبہ سال ۱۱۹۵ھ حاصل بھی کیا ہے اور 'رُوئے درد' لکھ کر اپنے دکھ کا اظہار بھی کر دیا ہے اور تعمیے میں خوبی بھی پیدا کر دی ہے۔

سودا ہجو کے بادشاہ تھے۔جس سے مخالفت ہوتی یا ناراض ہوتے اس کی ہجو کہنے میں ذرا دیر نہ لگاتے تھے۔ان کے اسی ہجو یہ مزاج نے انہیں مشکلات میں گرفتار بھی کیا۔انہیں ہجو کہنے کا اتنا شوق تھا کہ ان کے عہد کے بڑے بڑے قد آور لوگ ان کی ہجووں کے طومار سے پڑے تڑپتے ہیں۔اپنے اسی مزاج کے باعث انھوں نے تاریخوں میں بھی ہجو یہ عنصر کو سمو دیا تھا۔ان کے کلیات میں دو ہجو یہ تاریخیں درج ہیں۔ان تاریخوں کے علاوہ بھی انہوں نے ہجو یہ تاریخیں کہی ہوں گی جو دستبردِ زمانہ سے محفوظ نہ رہ سکیں۔اس کا ثبوت خیراتی لال بے جگر کے تذکرے ''تذکرہ بے جگر'' سے بھی ہوتا ہے۔جس میں انہوں نے بتایا ہے کہ سودا نے آصف الدولہ کی ایک فحش تاریخ کہی تھی۔(۳۸) جو شخص آصف الدولہ جیسے مقتدر نواب کی فحش تاریخ کہہ سکتا ہو۔اس سے اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ اس نے اپنی تاریخوں میں نہ جانے کس کس کی مٹی پلید کی ہوگی۔(۳۹)

سودا نے تاریخوں میں مزاح اور ہجو یہ عنصر کو داخل کر کے تاریخ گوئی کی روایت میں ایک نیا

اضافہ کیا۔ تاریخ گوئی سے دلچسپی اور ہجویہ مزاج کے باعث انہیں سخت مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑا۔ سودا نے ہجویہ تاریخوں کے ساتھ ساتھ فحش تاریخیں بھی کہی ہیں۔ سودا کی اسی افتادِ طبع کی وجہ سے انہیں موت کا منہ بھی دیکھنا پڑا۔ جیسا کہ خیراتی لال بے جگر نے لکھا ہے کہ سودا کی موت آصف الدولہ کی فحش تاریخ کہنے کے عواقب کے باعث ہوئی۔(۴۰) خیراتی لال بے جگر کا بیان خلاف قیاس نہیں کیونکہ جب انہوں نے اپنے کئی مخالفین کی فحش ہجویں لکھیں ہیں تو فحش تاریخ کہنا کیا بعید ہے۔ ڈاکٹر اکبر حیدری نے ''تحقیقاتِ حیدری'' میں سودا کی پنجابی زبان میں ایک فحش تاریخ نقل کی ہے۔ جس سے اس بات کی مزید تائید ہوتی ہے۔(۴۱)

اس دور میں شعرا نے دواوین مرتب کرنا شروع کردیے تھے۔ دواوین کی تکمیل کے ساتھ ساتھ ان کی تاریخیں کہنے کی روایت نے فروغ بھی پایا۔ مثنویاں تخلیق ہوئیں تو ان کی بھی تاریخیں کہی گئیں۔ مختلف اصناف سخن میں طبع آزمائی کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی تاریخیں بھی کہی جانا شروع ہوئیں۔ جن سے شعرا کی تاریخ گوئی سے دلچسپی کا ثبوت فراہم ہونے کے ساتھ ساتھ اردو میں تاریخ گوئی کے رواج پر بھی روشنی پڑتی ہے۔ ذیل میں بالترتیب دیوانِ مائل، دیوان جعفر علی حسرت، مثنوی حسن و عشق، مثنوی اسرار محبت، اور مثنوی لیلیٰ مجنوں کی تاریخیں درج کی جاتی ہیں۔ جن سے مذکورہ بالا موقف کی تائید ہوتی ہے۔

جو دیوان مراجب صاف اللہ کی عنایت سوں	شگفتہ دل ہوا پڑھ ریختہ اربابِ محفل کا
میں سرنیہوڑائے بیٹھا تھا.....زانو پر	کہا ہاتف نے ''کھلا ہے باغ مائل کا'' ۱۱۷۶ھ (۴۲)
تاریخ یہی ہے میری اس دیوان کی	کل طے یہہ ہوا تمام باب صنعت ۱۱۸۲ھ (۴۳)
یہی تاریخ اب اسکی عیاں ہے	یہ حسن و عشق کی اک داستاں ہے (۴۴)
کہی تاریخ یہ اس کی بہ صنعت	عجب قصہ ہے اسرار محبت ۱۱۹۷ھ (۴۵)
جو تاریخ چاہے تو اے دلنواز	یہ لکھ چل ''مجھے ہے غم جاں گداز'' ۱۱۹۹ھ (۴۶)

بارہویں صدی ہجری کا عہد شمالی ہند میں اردو شاعری کا زریں دور کہلاتا ہے۔ اس عہد میں

تقریباً تمام اصناف سخن میں طبع آزمائی ہورہی تھی۔غزل، قصیدہ، مثنوی، مرثیہ، ریختی، واسوخت، ہجو، مسدس، مخمس، مستزاد، ترکیب بند، ترجیع بند، وغیرہ ہر صنف سخن اور ہیئت میں شعر تخلیق کیے جارہے تھے۔ ساتھ ہی شعرا کی یہ کوشش بھی رہی کہ ان کی تاریخیں بھی کہی جائیں۔ چنانچہ اس عہد میں ان اصناف سخن کی تاریخیں دستیاب ہوتی ہیں۔تاباںؔ نے محمد علی حشمتؔ کا مرثیہ مخمس بند میں لکھا تو اسکی تاریخ بھی کہی۔(۴۷) اس عہد میں ہجو کہنے کا عام رجحان تھا۔ چنانچہ ہجویہ تاریخیں بھی کہی جاتی تھیں۔قدرت اللہ شوق نے ''طبقات الشعرا'' میں تین ہجو یہ فحش تاریخیں نقل کی ہیں۔کسی شاعر سجاد نے ایک ہندو کی ہجو یہ مثنوی کہی جس میں اس کے بیٹے کی تاریخ پیدائش بطریق تعمیہ اس طرح کہی:

پوچھی تاریخ اس کی جب سنسار سے　　سب کہیں ''نکلا ہے پلا غار سے''(۴۸)

مندرجہ بالا تاریخ میں غار کے ۱۲۰۱، اعداد میں سے پلا کے ۳۳ عدد خارج کردینے سے مطلوبہ سنہ ۱۱۶۸ھ حاصل ہوتا ہے۔قدرت اللہ شوق نے دو اور فحش تاریخیں نقل کی ہیں۔(۴۹) سودا کے شاگردوں میں قائم علی قائم بھی تاریخ کہنے کی عمدہ صلاحیت رکھتا تھا۔اس کے دیوان میں کئی تاریخیں موجود ہیں جن سے اس کی تاریخ گوئی کی صلاحیت کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ اس کے دیوان میں ۱۱۶۹ھ سے ۱۱۸۹ھ تک کی تاریخیں موجود ہیں۔ان تاریخوں کے پیش نظر یہ کہا جاسکتا ہے کہ اس عہد میں شعرا اہم افراد کی تاریخ پیدائش و وفات سے متعلق ہی تاریخیں نہیں کہہ رہے تھے بلکہ انہوں نے عام واقعات کو بھی اپنی تاریخوں کا حصہ بنانا شروع کردیا تھا۔قائم کے دیوان میں راجہ رام پرشاد کے مکان، غلام احمد فرزند نواب فیض اللہ خان کے مکان اور نواب فیض اللہ خان کی تاریخیں اس بات کی عکاس ہیں کہ تاریخ گوئی کے میدان میں وسعت آنا شروع ہوچکی تھی۔ نئے نئے موقعوں اور موضوعات سے متعلق تاریخیں کہی جارہی تھیں۔۱۱۶۹ھ میں احمد شاہ ابدالی ہندوستان آیا تو قائم نے اس کی تاریخ کہی:

شہر داخل ہوا جب ابدالی　　دیکھ درانیو کے چہرہ ژفت
اک شش و پنج میں تھی خلق خدا　　کہ کہیں ہو نہ ان سے ہنت و ہشت
نہ فقیروں کے چھوڑتے تھے کلاہ　　نہ امیروں کا جامۂ زربفت

دیکھ یہ ماجرا میں پیش اِلہ ٭ گرم الحاح تھا بہ سینہ تفت
ناگہ ہاتف نے یہ دیا مژدہ ٭ ''شاہ'' از ''تخت گاہ دہلی'' رفت (۵۰)

مندرجہ بالا تاریخ میں قائم نے مادہ تاریخ فارسی میں حاصل کیا ہے۔ جس میں تخت گاہ دہلی کے ۱۴۷۵ اعداد میں سے شاہ کے ۳۰۶، اعداد خارج کرنے سے مطلوبہ سنہ ۱۱۶۹ھ حاصل کیا ہے۔ تاریخ بطور تعمیہ خوب ہے۔ اس تاریخ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اردو تاریخ گوئی ابھی اپنے ارتقائی مراحل طے کر رہی ہے۔ شعرا اس وقت تک اردو تاریخ میں فارسی مادہ تاریخ سمو رہے ہیں اور ابھی تک شعرا فارسی کے سحر سے مکمل طور پر آزاد نہیں ہوئے۔

اس وقت تک شعرا اس قابل نہیں ہوئے کہ تاریخوں میں صنعتوں کو بروئے کار لا سکیں اور تاریخوں میں نت نئے تجربات کو برت سکیں چونکہ اردو تاریخ گوئی کی روایت ابھی پختگی کی اس منزل کو نہیں پہنچی تھی جو انیسویں صدی کا خاصا بنی لہذا اس عہد میں شعرا تعمیہ یا تخرجہ کی مدد سے اکثر اوقات مادہ تاریخ حاصل کرتے نظر آتے ہیں۔ سودا کی وفات ہوئی تو بہت سے شعرا نے تاریخیں کہیں قائم نے بھی حق شاگردی ادا کرنے کے لیے استاد کی تاریخ کہی۔ تاریخ یہ ہے:

آہ مرزا رفیع دنیا سے ٭ جا کے جنت میں جب مقیم ہوا
سال تاریخ کی تھی مجھ کو تلاش ٭ کیوں کہ بس حادثہ عظیم ہوا
اس میں پیرِ خرد نے اس سرِ یاس ٭ یہ کہا ''اب سخن یتیم ہوا'' (۵۱)

+۱۰ ٭ ۱۱۸۵=۱۱۹۵ھ

مندرجہ بالا تاریخ میں قائم نے سودا کی تاریخ وفات کا مادہ ''اب سخن یتیم ہوا'' سے حاصل کیا ہے جس میں دس عدد کی کمی کو ''یاس'' کے سر ''ی'' کے دس عدد شامل کرنے سے مطلوبہ سنہ حاصل کیا ہے۔ تعمیہ اگرچہ تاریخ کا نقص ہے لیکن اس شعر میں ''سرِ یاس'' سے تعمیہ کر کے تاریخ میں خوبصورتی بھی پیدا کر دی گئی ہے۔

بارہویں صدی ہجری کے اواخر میں جو شعرا تاریخیں کہہ رہے تھے، ان میں مصحفی، انشاء، جرات اور رنگین قابل ذکر شعرا ہیں لیکن ان کی بیشتر تاریخیں تیرہویں صدی ہجری میں سامنے آئیں۔ اس لیے انھیں اٹھارویں صدی کے تاریخ گو شعرا میں شمار نہیں کیا گیا اگر چہ اٹھاوریں صدی عیسوی تک اردو تاریخ گوئی کی روایت نے عروج حاصل نہیں کیا تھا لیکن اس عہد تک پہنچتے پہنچتے تاریخ گو شعرا نے اس روایت کو ایسی بنیاد فراہم کر دی تھی جس پر آگے چل کر اس فن کی وہ عظیم الشان عمارت کھڑی ہوئی جس کی شاندار روایت انیسویں صدی عیسوی میں شمالی ہند میں دیکھی جا سکتی ہے۔ انیسویں صدی میں اردو تاریخ گوئی کو وہ رواج حاصل ہوا جس کی مثال عہد مغلیہ میں دیکھی جا سکتی ہے۔ انیسویں صدی اور مغلیہ عہد کی روایت میں ایک فرق ایسا ہے جو انیسویں صدی کی اردو تاریخ گوئی کو مغلیہ عہد کی تاریخ گوئی کی روایت سے متمیز کرتا ہے۔ وہ فرق اس کا عوامی ہونا ہے۔ مغلیہ عہد میں یہ فن شعرا کے اس طبقہ تک محدود تھا جنھیں درباری سر پرستی حاصل تھی جب کہ انیسویں صدی میں یہ فن طبقۂ خواص سے نکل کر طبقۂ عوام تک پہنچ چکا تھا اور اس روایت کے عقب میں اٹھارویں صدی کے اردو تاریخ گو شعرا کی وہ قوت چھپی ہوئی تھی جس نے اس فن کو بام عروج تک پہنچانے میں بڑا کردار ادا کیا۔

☆☆☆☆☆

حواشی وحوالہ جات

۱۔ تاریخ ادبیات مسلمانانِ پاکستان وہند، جلد، نگران فیض محمود، اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، ۱۹۷۱ء، ص ۴۰۔ ۳۸

۲۔ ایضاً، ص ۴۰

۳۔ (i) امرائے ہنود، منشی محمد سعید، انجمن ترقی اردو، دکن، ۱۹۳۲ء، ص ۲۰۰۔ ۱۹۷ (ii) تاریخ فرشتہ محمد قاسم فرشتہ، مطبع منشی نول کشور، س۔ ن جلد اول ص ۱۸۷ (iii) ہندوؤں میں اردو، سید رفیق مارہروی ص ۱۷۴

۴۔ تاریخ ارتقاء زبان وادب از ڈاکٹر انصار اللہ، مغربی پاکستان اردو اکیڈمی، لاہور، ص ۲۹۸

۵۔ ایضاً ص ۲۲۰ ۶۔ ایضاً ص ۲۲۱ ۷۔ تاریخ ارتقاء زبان وادب، ص ۳۲۱

۸۔ تاریخ ادب اُردو، مرتبہ عبدالقیوم، کراچی، پاکستان ایجوکیشنل پبلشرز، ۱۹۶۱ء ص ۱۷۱

۹۔مفتاح التواریخ، طامس ولیم بیل، کانپور، مطبع منشی نول کشور، ۱۸۶۷ء ص۱۴۵
۱۰۔تاریخ ادبیات مسلمانانِ پاکستان و ہند، جلد۔لاہور، اورینٹل کالج پنجاب یونیورسٹی، ۱۹۷۱ء ص۷۱
۱۱۔مقالاتِ شیرانی جلد دوم، مرتبہ مظہر محمود شیرانی، لاہور، مجلس ترقی ادب، ۱۹۷۶ء، ص۱۱
۱۲۔ایضاً، ص۵۵
۱۳۔تاریخ اقلیم ادب، ڈاکٹر انصاراللہ نظر، علی گڑھ، ۱۹۸۰ء، ۱۹۷۹ء ص۶۴
۱۴۔تاریخ اقلیم ادب، ص۶۴
۱۵۔(فہرست اشپرنگر) کیٹلاگ آف دی اریبک، پرشین اینڈ ہندوستانی مینوسکرپٹ آف دی کنگز آف اودھ، اے، شپرنگر، کلکتہ، بپٹسٹ مشن پریس، ۱۸۵۴ء، ص۶۱۷
۱۶۔فہرست اشپرنگر، ص۶۱۷۔شیرانی صاحب نے مقالاتِ شیرانی جلد دوم ص۲۶۶ فقہ ہندی کو شیخ جیون کی بجائے شیخ عبداللہ انصاری متخلص بہ عہدی سے منسوب کیا ہے اور اس کی تاریخ کا یہ شعر نقل کیا ہے:

فقہ ہندی کو موماں آنو زباں پر یاد — مسلہ آوے دین کا مول نہووے فساد
سن ہزار چوہتر بیچ رمضان — اورنگ شاہ کے دور میں نسخہ ہوا تمام (۱۸)

۱۷۔تاریخ ادبیات مسلمانانِ پاکستان و ہند، جلد چہارم، ص۵۸
۱۸۔فہرست اشپرنگر
۱۹۔اے ہسٹری آف پرشین لٹریچر ان دی مغل کورٹ، عبدالغنی، انڈین پریس، الہ آباد، ۱۹۲۹ء، پارٹ تھری، ص۲۷۰
۲۰۔کلمات الشعرا، محمد افضل سرخوش، مرتبہ صادق علی دلاوری، لاہور، شیخ مبارک علی اینڈ سنز، ۱۹۴۲ء، ص۱۳۰-۱۲۹
۲۱۔ایضاً ص۱۳۰ ۲۲۔ایضاً ص۱۳۱
۲۳۔تاریخ ادب اردو، جلد اول، ڈاکٹر جمیل جالبی، لاہور، مجلس ترقی ادب، ۲۰۰۶ء ص۷۷
۲۴۔تاریخ ادب اردو، جلد اول، ص۷۷ ۲۵۔ایضاً
۲۶۔تاریخ ادب اُردو ۱۷۰۰ء تک، جلد اوّل، سیدہ جعفر، گیان چند، نئی دہلی، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، ۱۹۹۸ء، ص۵۵
۲۷۔تاریخ ادب اُردو، جلد دوم، ص۶۰
۲۸۔تبصرۃ الناظرین قلمی، مصنفہ سید محمد شاعر بلگرامی، مملوکہ سید احمد وصی بلگرامی، ص۲۷

۲۹۔تاریخ اقلیم ادب، ص۴۳ ۳۰۔ایضاً،ص۴۷
۳۱۔اردوشاعری میں ایہام گوئی کی تحریک، ڈاکٹر ملک حسن اختر،فروغ ادب اکادمی گوجرانوالہ۱۹۹۴ء،ص۴۵
۳۲۔این اورینٹل بائیوگرافیکل ڈکشنری،تھامس ولیم بیل،لاہور،سندھ ساگر اکیڈمی،س۔ن۔ص۳۴
۳۳۔تاریخ ادب اردو، جلد دوم،ص۲۵ ۳۴۔تاریخ ادب اردو،جلد دوم حصہ اول،ص۹۴
۳۵۔دیوان تاباں،عبدالحی تاباں مرتبہ مولوی عبدالحق،انجمن ترقی اردو،اورنگ آباد،دکن ۱۹۳۵ء،ص۲۷۲،
۲۷۲،۲۷۶،۲۷۰،۲۷۸،۲۷۳
۳۶۔کلیات سودا جلد چہارم ،رفیع الدین سودا، مرتبہ ڈاکٹر شمس الدین مجلس ترقی ادب لاہور،۱۹۹۴ء،
ص۲۸۶،۲۹۶،۳۰۹
۳۷۔آب حیات ،محمد حسین آزاد، مرتبہ راقم الحروف ،شعبہء اردو بہاءالدین زکریا یونیورسٹی ،ملتان،مارچ
۲۰۰۶ء،ص۹۴
۳۸۔تذکرہ بے جگر قلمی،ترجمہ سودا ۳۹۔کلیات سودا،جلد چہارم ص۳۰۸۔۳۰۷
۴۰۔تذکرہ بے جگر ترجمہ سودا
۴۱۔تحقیقات حیدری، ڈاکٹر اکبر حیدری،نصرت پبلشرز،لکھنؤ،۱۹۸۴ء،ص۱۰۹۔۱۰۸
۴۲۔فہرست اشپرنگر،ص۶۱۰ ۴۳۔ایضاً
۴۴۔کلیات جرات جلد دوم،قلندر بخش جرات،نیپلز (اطالیہ)۱۹۷۰ء،ص۵۵
۴۵۔مثنوی اسرار محبت ،محبت خاں محبت ،مرتبہ ڈاکٹر نسیم احمد،انجمن ترقی اردو،نئی دہلی،۱۹۹۶ء،ص۸۶
۴۶۔اردو مثنوی شمالی ہند میں، ڈاکٹر گیان چند، جلد اول،انجمن ترقی اردو،نئی دہلی ،۱۹۸۷ء،ص۳۹۴
۴۷۔دیوان تاباں ص۲۷۶
۴۸۔طبقات الشعرا،قدرت اللہ شوق،مرتبہ نثار احمد فاروقی،مجلس ترقی ادب، لاہور،۱۹۶۸ء،ص۳۷۸
۴۹۔ایضاً
۵۰۔تین تذکرے،مرتبہ نثار احمد فاروقی ،مکتبہ برہان اردو بازار دہلی،۱۹۶۸ء،ص۱۰۵
۵۱۔ایضاً ص۸۵،۱۰۵

بیسویں صدی میں فارسی شاعری کے رجحانات

جواد ہمدانی☆

Abstract

This article presents the study of thoughts and techniques of the trend setter poets of Persian language of 20th century. A comparison has also been between the poetry of Iqbal and that of modern Iranian poets. Since Iqbal's period was contemporary to the modern Persian poetry, it is interesting to note either Iqbal's style was similar to that of modern Persian poets or different from them.

فارسی شاعری کی تاریخ تقریباً ایک ہزار سال پر محیط ہے (صفا ۱۳۴۴، ج ۱، ص ۱۶۸-۱۷۵) اور مضامین، طرز، اسلوب اور ہیئت کے اعتبار سے پانچ بڑے ادوار میں قابل تقسیم ہے:

۱) سبک خراسانی

۲) سبک عراقی

۳) سبک ہندی

۴) دورۂ بازگشت

۵) سبک نیمائی یا شعر جدید (۱)

تاریخی تناظر میں دیکھا جائے تو فارسی شاعری ہر دور میں مخصوص رجحانات اور سیاسی

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ فارسی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

ومعاشرتی حالات سے متاثر نظر آتی ہے۔سبک خراسانی میں قصیدے کی صنف میں بادشاہوں کے کمالات ،علم نجوم وطب کی اصطلاحات کا استعمال ایک قابل فخر و مستحسن عمل کے طور پر شاعروں کے کلام میں خاص طور پر جلوہ گر نظر آتا ہے۔اس دور کا فارسی شاعر نشاط و کیف کا شاعر ہے۔یہ شاعری دنیا کو بادشاہ کی نگاہ سے دیکھنے کی فنکارانہ کوشش ہے۔سبک عراقی میں غزل رنگین سے رنگین تر ہوتی اور اپنے اندر تصوف گہرائی اور لہجے کی شیرینی کے ساتھ عشق حقیقی ،مجازی (عشق زمینی اور عشق آسمانی) کا خوبصورت امتزاج پیش کرتی ہے۔اس عہد کی شاعری میں بادشاہوں کی خواہشات سے زیادہ عشق کی روایت کو محسوس کیا جاسکتا ہے۔ (شمیسا ۱۳۷۵،ص ۱۹۴، ۲۰۹ ، ۲۵۸) سبک ہندی میں قدیم یونانی فلسفہ،شاعرانہ تخیل اپنی عروج پر نظر آتا ہے اور فارسی شعر ایک نئے معنوی حسن اور تصوف کی روایت اور ہندوستانی تہذیبی اثرات سے آشنا اور متاثر ہوا ہے۔(صفا ۱۳۷۸،ص ۵۳۷ ۔ ۵۳۸)(شمیسا ۱۳۷۵،ص ۲۷۵ ۔ ۲۹۵) سبک ہندی کے بعد محققین اور تاریخ ادب کے مرتبین کا خیال ہے کہ فارسی شاعری اپنے اُس روایتی حسن ودلکشی سے محروم ہوتی گئی۔خاص طور پر دورۂ بازگشت پچھلے تین ادوار کی آواز اور انداز ہی کا انعکاس معلوم ہوتا ہے (شمیسا ۱۳۷۵،ص ۳۰۷۔۳۳۲) دورۂ بازگشت تخلیق سے زیادہ تتبع اور گذشتہ ادوار کے شعراء کے فن پاروں کا ایک ٹوٹے ہوئے آئینہ میں شکستہ عکس ہی ہے۔دورۂ بازگشت سے قبل تک کی شاعری نہ صرف شعری غنا،فنی محاسن اور لطیف مضامین کی حامل ہے بلکہ اپنے عہد کے حالات وواقعات اور فکری رجحانات اور معاشرتی حالات سے بہر حال متاثر بھی دکھائی دیتی ہے اور کسی نہ کسی صورت نئی تعابیر وتفاسیر اور قوالب ومعانی کے ساتھ نئے افکار وخیالات کی تشکیل سے بھی غافل نہیں ہے جبکہ دورۂ بازگشت میں شاعری گذشتہ روایت کے زیر اثر زیادہ ہے اور اپنے عہد کے حالات وواقعات وجذبات سے بہت کٹی ہوئی ہے۔دورۂ بازگشت میں شعراء کی استعدادیا فارسی شاعری کے بانجھ پن کا احساس شدت سے ہوتا ہے۔

بیسویں صدی کے آغاز کے ساتھ ہی ایران میں سیاسی ومعاشرتی رویوں میں یورپ کے زیر اثر نمایاں اوراہم تبدیلیاں رونما ہوئیں (یاحقی ۱۳۷۵، ص۱۳۔۱۹)تہران میں چھاپہ خانے

اور دار الفنون کا آغاز جو کہ ایک جدید طرز کا پہلا علمی مرکز تھا، دیگر علمی مراکز کے قیام، سیاسی تغیرات اور ایران ویورپ کے تعلقات اور فکری تعامل نے فارسی شاعری کو ایک انقلاب سے دوچار کر دیا۔ ایسا انقلاب جو روایتی فکر و فن کی بنیادوں کو ہلانے اور انسان اور کائنات کی نئی تعریفات پیش کرنے کے ساتھ ساتھ ادب و شعر کی دنیا کو بھی نئے دریچوں سے دیکھ رہا تھا۔ اس کو جدید فارسی شاعری کا عہد کہا جاتا ہے جو تقریباً بیسویں صدی کے آغاز کے ساتھ ایران کے ادبی افق پر نمودار ہوا۔ ڈاکٹر محمد اسحٰق کے بقول جدید شاعری، ایران جدید کی پیدائش کے ساتھ بھی ہے اور اس سے ذرا متقدم بھی۔ جدید شعرا اپنے عہد کے فکری ارتقا کے سبب اور معاشرے کو خرافات سے نجات دلانے کے لیے متنوع موضوعات کی تلاش کے ساتھ ساتھ نئے قوالب شعری کی طرف بھی بڑھے کیوں کہ نئے افکار کے لیے نیا پیمانہ اظہار وضع کرنا بھی ایک فطری امر تھا۔ (اسحٰق ۱۳۷۹ ،ص ۳۷) جدید فارسی شاعری کو مندرجہ ذیل تین اقسام میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

۱) وہ شعرا جو مضامین قوالب اور اسالیب میں روایتی شعرا کے زیر اثر ہیں

۲) وہ شعرا جن کے شعری قوالب اور اسالیب تو پرانے ہیں لیکن مضامین نئے ہیں

۳) اسلوب اور مضامین دونوں میں جدت کے حامل شعرا (اسحٰق :۱۳۷۹ھ ش ،ص ۴۱-۴۲) یعنی وہ شعرا جنھوں نے جدید مضامین کے ساتھ ساتھ جدید قالب اور آزاد شاعری کو اپنایا۔

۱) پروین اعتصامی (۱۹۰۷-۱۹۴۱)

جدید دور میں پروین ایک معتبر آواز، مشرقی روایات واقدار اور روایتی قالب شعر میں انسان دوستی، عدل اور قناعت کی علمبردار شاعرہ ہے۔ پروین اپنے مضامین اور قالب کے لحاظ سے روایتی کلاسیکی شاعری سے متاثر ہے لیکن وہ انسان کے روزمرہ کے غموں اور دکھوں سے بھی بے اعتنا نہیں ہے۔ پروین اعتصامی نے مختصر زندگی میں شدید سماجی اور ذہنی کرب کے باوصف شاعری کے قارئین کے لیے تازہ تر شاعری چھوڑی ہے۔ مختصر عمر میں جاودانی شہرت پانے والی پروین کی شاعری نے زمین وآسمان اور روح و مادہ کے بظاہر مختلف اور متضاد پہلوؤں کو ایک ایسی وحدت میں پرو دیا ہے کہ دنیا کے

دکھ، پرسکون اخروی زندگی کے سکھ کے ساتھ جا ملتے ہیں۔ (استاد محمد تقی بہار ۱۳۳۰ق ۔۱۹۵۱ء)

''پروین اپنے قصاید میں بیاناتِ حکیمانہ اور عارفانہ کے بعد روح انسانی کو سعی، عمل، امید، حیات، انشا م وقت، کسب کمال، ہمت، نیکی وفضیلت کی طرف راہنمائی کرتی ہے۔'' (لیلا صوفی، ۲۰۰۱،ص ۲۵۷)

پروین نے مثنوی، قصیدہ، غزل اور دیگر روایتی اصناف سخن میں استادانہ مہارت کے ساتھ دنیا کی بے ثباتی اور روح انسان کی جاودانگی اور بلندی کا ذکر کیا ہے۔ پروین اپنی داخلی شکست وریخت کے باوجود باعزم وباحوصلہ نظر آتی ہے۔ خاص طور پر مثنوی ''لطف حق'' میں پروین نے ایمان وتصوف اور رازورمز خداوندی کا دل کش انداز میں اظہار کیا ہے۔

پروین اعتصامی کے کلام سے انتخاب بھی کار آسان نہیں ہے۔ پروین نے اپنی قبر کا کتبہ بھی خود ہی لکھا، ذیل میں پیش خدمت ہے:

اینکه خاک سیهش بالین است   اخترِ چرخ ادب پروین است
گرچه جز تلخی از ایام ندید   هر چه خواهی سخنش شیرین است
صاحبِ آن همه گفتار امروز   سائل فاتحه و یاسین است
دوستان به که زوی یاد کنید   دل بی دوست دلی غمگین است
خاک در دیده بسی جان فرساست   سنگ برسینه بسی سنگین است
بیند این بستر و عبرت گیرد   هر که را چشم حقیقت بین است
هر که باشی و زهر جا برسی   آخرین منزلِ هستی این است
آدمی هر چه توانگر باشد   چون بلین نقطه رسد مسکین است
اندر آنجا که قضا حمله کند   چاره تسلیم و ادب تمکین است
زادن و کشتن و پنهان کردن   دهر را رسم و ره دیرین است

خرم آنکس کہ دریں محنت گاہ　　　　خاطری را سبب تسکین است
(حاکمی، ۱۳۷۹ء، ص ۴۰)

پروین اپنی انفرادیت، تازگی، پختگی اور فکری بالیدگی کے باوجود اپنے مضامین، اسلوب اور قالب اظہار میں قدیم کلاسیکی روایت شعر سے شدید متاثر ہے۔ گوکہ وہ ہر جگہ اپنی آواز اور انداز کو برقرار رکھتی ہے لیکن اُس میں وہ باغیانہ رویہ نہیں پایا جاتا جو اس کے عہد میں دیگر شعرا میں بہت شد و مد کے ساتھ ظہور پذیر ہوا تھا۔ پروین بہر حال کلاسیکی فارسی شاعری کی روایت کی ہی علمبردار سمجھی جائے گی۔

دیگر شعرا جو کہ جدید عصر میں کلاسیکی روایت کے ساتھ جڑے ہوئے بھی ہیں ان میں ملک الشعرا ارمحمد تقی بہار (۱۹۴۵) فرخی یزدی (۱۳۰۶ ق، ۱۹۳۹ء)، میرزادہ عشقی (۱۳۱۲ھ ق، ۱۸۹۱۔۱۹۳۴ء)، رہی معیری (۱۹۰۹۔۱۹۶۹ء) خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ لیکن جس شخص کو جدید فارسی شاعری کا بانی کہا جاتا ہے وہ بے شک نیما یوشیج ہی ہے۔

۲)　نیما یوشیج (۱۸۹۳ء۔۱۹۵۸ء)

بیسویں صدی میں فارسی شاعری کے بلند و بالا اور طویل پہاڑی سلسلہ میں ایک آتش فشاں پھٹ پڑا۔ اس آتش فشاں نے شاعری کے معیارات اور قوالب کی بنیادوں کو ہلایا اور جدید عہد کے قدیم اور کلاسیکی شاعروں سے الگ ہی لاوے کی صورت بہتا ایک نئے جزیرے کی صورت اختیار کر گیا۔ شاید فارسی شاعری کے اندر اس کے اسباب مہیا ہوتے ہوئے کئی صدیاں لگی ہوں لیکن جیسے ہی لاوہ باہر آیا اسے اپنا رستہ بنانے میں چند سال سے زاید عرصہ نہ لگا۔

قدیم اور مضبوط کلاسیکی فارسی شاعری نے، جس نے برصغیر کی شعری روایت کو بھی سیراب کیا تھا، اس عظیم تبدیلی کو اوایل میں مسترد کیا اور پھر بادل ناخواستہ اور بعد میں شعر جدید یا شعر نیمایی کی صورت میں باقاعدہ طور پر تسلیم کر لیا۔ وہ شخص جس نے فارسی کے روایتی قالب اور عروض و قافیہ کے معیارات سے بغاوت کرتے ہوئے اس کی تعمیر نو اور تشکیل نو کی اس کا اصل نام علی اسفندیاری اور قلمی نام نیما یوشیج تھا۔ فرانسیسی زبان و ادب سے آشنائی نے نیما سے وہ تاریخی کام کر دکھایا جس نے فارسی

شاعری کو اپنی ہیئت، قالب اور معنی میں اس عہد کی عالمی شاعری کے ساتھ مانوس اور مالوف کر دیا۔ فطری طور پر نیما کی اس بغاوت پر شدید ردعمل سامنے آیا اور اس زمانے کے مستند معتبر مجلّات نے اس کے اشعار کی اشاعت پر پابندی عاید کی اس کو تضحیک کا نشانہ بنایا (لنگرودی ۱۳۷۷،ص ۱۰۸) لیکن شاید وقت اور عہد بہت آگے چلا آیا تھا۔ آزاد شاعری یا شعر جدید معنوی سطح کے ساتھ ساتھ ظاہری سطح پر بھی روایتی شعر سے بغاوت تھی۔ نیما نے اپنے کلام کی بنیاد مناظر قدرت، دیہاتی زندگی کے دکھ اور ایرانیت پر رکھی۔ نیما اپنے اشعار کے بارے میں کیا کہتا ہے؟ ملاحظہ ہو:

> ""گویا میری پرورش یافتہ آزاد طبیعت کا زندگی کے ہر مرحلہ پر کسی نہ کسی ٹکراؤ اور زد و خورد سے دوچار ہونا ضروری ہو چکا تھا۔ میرے آزاد اشعار میں وزن و قافیہ کے معیار اور حساب جدا ہوتا ہے۔ میرے اشعار میں مصرعوں کا چھوٹا یا بڑا ہونا بھی کوئی مرضی اور ذاتی رائے کے تحت نہیں۔ میں اس بے نظمی کے لیے بھی ایک نظم ایک ترتیب کا قائل ہوں۔" (صوفی ۱۳۸۰،ص ۲۴۸)

۱۹۳۷ میں نیما فارسی شاعری کی ایک نئی شکل بنانے میں کامیاب ہو گیا تھا۔ نمونہ اشعار ملاحظہ ہو:

خشک آمد کشتگاه من
درجوار کشت همسایه
گرچه می گویند"می گریند روی ساحل نزدیک"
سوگواران درمیان سوگواران"
قاصد روزان ابری، داروگ! کی می رسد باران
بربساطی که بساطی نیست
در درون کومهٔ تاریک من که ذره ای باآن نشاطی نیست
وجدار دنده های نه به دیوار اتاقم قم دارد خشکیش می ترکد

چون دل یاران که در هجران یاران،

قاصد روزان ابری داروگ کی می رسد باران (حاکمی ۱۳۷۹،ص۷۶)

نیما یوشیج کا اصل کمال تو فارسی شاعری کو ایک تازہ پیرایہ اور نیا طرز اظہار دینا ہی ہے۔معنوی اعتبار سے نیما بالعموم مغربی شاعری کے زیر اثر زمینی حقیقتوں سے جڑا ہوا اور کسی مابعد الطبیعیات کا قائل نہیں۔وہ کسی تصوف یا کسی بھی معنویت کا قائل نہیں نتیجتاً اُس کی آواز جدید عہد کے کرب کا اظہار تو ہے لیکن اُس کے دکھ کا مداوا نہیں۔

بیسویں صدی میں ایک روایتی شاعری سے جڑا ہوا توانا لہجے اور استادانہ مہارت کا حامل شاعر شہریار بھی ہے لیکن اپنے اسلوب اور طرز بیان میں چوں کہ جدید سے زیادہ وہ قدیم اور کلاسیکی روایت سے منسلک ہے اس لیے اس مقالے میں صرف اُس کے نام پر ہی اکتفا کرتے ہیں۔

(۳ فروغ فرخزاد(۱۹۳۴_۱۹۶۶)

جدید فارسی شاعری کا ذکر فروغ فرخزاد کے نام کے بغیر مکمل نہیں ہوسکتا۔فارسی شاعری میں تانیثیت کی حقیقی نمایندہ فروغ اپنی مختصر زندگی میں دو متضاد قسم کے اشعار چھوڑ گئی ہے۔اُس نے قالب میں نیما کی پیروی کی لیکن موضوع اور مضامین میں جدت اور انفرادیت لے کر آئی۔فروغ زندگی کے پہلے حصے میں ایک دوشیزہ کے عاشقانہ جذبات اور کیفیات کی غماز اور مذہب و دین سے باغی شاعرہ ہے۔بے پناہ صلاحیتوں اور جرأت مردانہ کی حامل فروغ ایرانی عورت کی آواز بن کر سامنے آئی۔

انسانی معاشرے میں مردانہ تسلط کی راکھ نیچے دبی چنگاری جو صدیوں تک زیر خاکستر تو رہی لیکن خاموش نہ ہوئی تھی ،فروغ کی شاعری نے اسے ایک ایسی ہوا دی کہ وہ ایک الاؤ کی شکل میں فارسی شاعری کو ایک اجنبی حدت سے آشنا کر گئی تھی۔فروغ کی زندگی کا دوسرا رخ پہلے ہی رُخ کا ردِعمل ہے۔اس حصے میں خدا کی جانب ایک بار پھر بازگشت ہے۔اس دوران میں اُس کی شاعری بھی توبہ اور اقرار جرم اور قرب خدا سے معمور و لبریز دکھائی دیتی ہے۔

فروغ کی شاعری کا پہلا دور انفرادیت، جدت، بغاوت اور نسوانی جذبات کے ترجمان ہونے کے سبب آج بھی شعری دنیا میں زیادہ آب وتاب کا حامل ہے:

من خواب دیده ام که کسی می آید
من خواب یک ستاره قرمز دیده ام
و پلک چشم هی می پرد
کفشهایم هی جفت می شود
و کور شوم اگر دروغ بگویم
من پله های پشت بام را جارو کردم
و شیشه و پنجره را شستم

ترجمہ: میں نے خواب دیکھا ہے کہ کوئی آرہا ہے
میں نے ایک سرخ ستارے کو خواب میں دیکھا ہے،
باربار میری آنکھ کی پلک جھپکتی ہے
اگر جھوٹ بولوں تو اندھی ہوجاؤں، میرے جوتے میرے سامنے سیدھے ہورہے ہیں
میں نے چھت کی طرف جانے والی سیڑھیوں پہ جھاڑو پھیر دیا ہے
اور کھڑکیوں کے شیشوں کو صاف کردیا ہے

یہ مختصر نظم ایک نوجوان دوشیزہ جو کسی اپنے ہم عمر کے اپنی زندگی میں آنے کے سادہ، شیریں سچے اور فطری جذبات کی ترجمان ہے بغیر اس تلخ حقیقت کے ذکر کے کہ کتنی دوشیزائیں یہ خواب دیکھتی ہیں اور کتنی لڑکیوں کو اس کی تعبیر ملتی ہے اور جنھیں مل بھی جائے ان میں کتنی ایسی ہیں کہ جنھیں خوشی کے لمحات بھی نصیب ہوتے ہیں، فروغ ان تمام حقیقتوں کا ذکر کیے بغیر بھی سب کچھ کہہ دیتی ہے۔

فروغ نے فرانسیسی، جرمن اور اطالوی زبانیں شوق سے سیکھیں اور ان زبانوں کے ذریعے مغربی ادب سے آشنا ہوئی (صوفی ۱۳۸۰ص ۴۱۴) فروغ ایک شاعرہ ہونے کے ساتھ ساتھ ایران کی

فلمی دنیا میں بھی بھرپور انداز سے اپنا کردار ادا کر رہی تھی کہ ایک حادثہ میں اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھی۔ خوشیوں کی متلاشی اور دکھوں سے متنفر فروغ خود اپنی ذاتی زندگی میں دکھی ہی رہی اور اس قدر اچانک موت سے دنیائے شعر کے ساتھ ساتھ اپنے چاہنے والوں کو بھی سوگوار کر گئی۔

تنہا تو ماندی ای زن ایرانی — در بندِ ظلم ونکبت و بد بختی
خواهی اگر که پاره شود این بند — دستی بزن به دامن سر سخن
تسلیم حرف زور مشو هرگز — با وعده های خوش منیشن از پا
سیلی بشو ، نفرت و خشم و درد — سنگ گران ظلم بکن از جا
آغوش گرم توست که پرورده — این پر زنخوت و شوکت را
لبخند شاد توست که می بخشد — بر قلب او حرارت و قوت را

(فروغ فرخزاد، نبرد زندگی ،شعر سرود پیکار سال اول،شمارہ۱،فروردین،۱۳۳۴)

۴) علامہ محمد اقبال

بیسویں صدی میں ایران میں فارسی شاعری، روایت سے جدیدیت کی طرف سفر کے طور پر دیکھی جا سکتی ہے۔لیکن جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے اس دور میں بھی روایتی اور کلاسیکی طرز کی شاعری نے نہ تو دم توڑا اور نہ ہی اس کی طرف داری میں کوئی کمی آئی۔ہاں جدید شعرا نے نیما کی سربراہی میں نئے قالب وہیئت کے تجربات سے فارسی شعر کے لیے ایک تازہ ہوا اور نئی روشنی کا دریچہ کھول کے اس شاعری کو بین الاقوامی ادبیات کے ساتھ ہم آہنگ کر دیا۔لیکن اسی دوران میں فارسی شعر کی ایک بالکل منفرد آواز برصغیر میں اقبال کی شاعری کی صورت ابھری۔

برصغیر میں فارسی ادب غزنوی عہد سے لے کر اقبال کے عصر تک بلاشبہ ایک مقامی رنگ وبو کے ساتھ اپنی الگ پہچان بناتا رہا۔اور سبک ہندی کی صورت میں بعض ایرانی شعرا وناقدین کے ردِعمل کے باوجود ایک باقاعدہ اسلوب کی صورت میں تسلیم کر لیا گیا۔

لیکن برطانوی استعمار کی یلغار اور مغل سلطنت کے زوال کے بعد فارسی نے آہستہ آہستہ برصغیر میں اپنے قدم سمیٹنا شروع کر دیے جو کہ اُس عہد کے سیاسی حالات کے پیشِ نظر ایک فطری سا عمل تھا۔ یہاں تک کہ بیسویں صدی کے آغاز تک فارسی شاعری تقریباً ختم ہوتی دکھائی دیتی ہے۔ خاص طور پر پاکستان میں فارسی شاعری اپنا بوریا بستر ہی گول کر گئی۔ڈاکٹر ظہور الدین احمد کی کتاب پاکستان میں فارسی ادب کی پانچویں اور چھٹی جلد کی فہرست پر نظر دوڑائیں تو فارسی کی ایک طویل فہرست کا ذکر تو ملتا ہے (ظہور الدین احمد ۲۰۰۵ء) لیکن حقیقت یہ ہے کہ خال خال ہی کسی ایسے نام پہ نگاہ پڑتی ہے جو کہ واقعی اُس عظیم شعری روایت کا نمایندہ کہلایا جا سکے جس میں بیدل وغالب جیسے شعرا شامل ہیں۔ اس عہد میں اگر کسی ایسے فارسی شاعر کا سراغ ملے جو معنوی اور فکری سطح کے ساتھ ساتھ اچھوتے طرزِ اظہار کا بھی حامل ہو تو صرف اور صرف اقبال کا نام آتا ہے۔ اقبال نے فارسی شاعری کو وہ طرزِ اظہار بخشا جو نہ اس سے قبل تھا اور نہ بعد میں کسی کے حصے میں آیا۔

عجیب بات یہ ہے کہ اقبال نے فارسی زبان کو ایسا طرزِ اظہار دیا جو کہ ایرانیوں کے لیے اجنبی ہو کر بھی اجنبی نہیں ہے۔ آج ادبیات کا ایرانی طالب علم بیدل وغالب سے زیادہ اقبال کے قریب ہے۔ اقبال نے زبان کی سادگی، اختراعِ ترکیبات، مترنم شاعری کے ساتھ ساتھ ایک آفاقی، زندگی بخش، امید افزا اور جغرافیائی حدود وقیود سے ماورا ہو کر فارسی شعر کو عصر کے درد سے نہ صرف آشنا کیا بلکہ اس درد کی دوا بھی بن گیا۔ اقبال کی فارسی تراکیب بالکل غیر روایتی اور تازہ ہونے کے باوجود قابلِ فہم اور فارسی شعر کی عنایت میں ایک انمول اضافہ ہیں۔ بیسوی صدی کا ادب دو مختلف اور متضاد دھاروں میں منقسم ہے۔ اقبال روایت پرستی اور روایت شکنی دونوں بڑے دھاروں میں نہیں ہے۔ وہ اپنی دنیا آپ ہے۔ وہ نہ تو مشرق کی تقلید وتکریم کی روایت کا حامی ہے اور نہ ہی جدت کے نام پر مغربی افکار و اسالیب فکر وفن کو جوں کا توں اپنانے کا قائل۔ اقبال کا انسان نہ مشرقی انسان کی طرح مجبورِ محض ہے اور نہ ہی مغربی طرزِ تفکر کی طرح اپنا خدا آپ۔ مشرق کا انسان بندہ ہے اور مغرب کا مولا لیکن اقبال کا انسان بندۂ مولا صفات ہے (اقبال ص ۳۹۷)

فقرِ مؤمن چیست تسخیر جہات
بندہ از تاثیر او مولا صفات
(اقبال،۱۳۴۳ھ ش، ص ۳۹۷)

اقبال ایران و افغان کی جغرافیائی حدود سے نکل کر کسی خاص ملت یا زبان سے نہیں روح انسانی سے مخاطب ہے۔ محمد بقائی ماکان لکھتے ہیں کہ "دانشمندان بزرگ (اقبال، رومی، عطار) این مکتب نیز بہ خودی خود شخصیتی فرامکانی وفرازمانی می یابند۔" (محمد بقائی ماکان، ۲۰۰۶، ص ۱۱۸) اقبال کا انسان صرف تعظیم وتکریم کا حامل ہی نہیں بلکہ تخلیق وتکوین میں بھی خدائی صفات کا آئینہ دار ہے:

از گناه بندهٔ صاحب جنون   کائناتِ تازه ای اید برون
شو ق بے حد پرده ها را بر درد   کهنگی را از تماشامی برد
(اقبال،۱۳۴۳،ص ۳۳۹)

جستجو اور جہان تازہ کی آرزو نے اقبال کے کلام کو عصر کی بے چینی سے نکالنے اور زندگی سے محبت کا پیغام بنالیا دیا:

سوز و گذار زندگی لذتِ جستجوی تو   راه چو مار می گزد گر نروم بسوی تو
سینه گشاه جبرئیل از بر عاشقان گذشت   تا شرری باو فتد ز آتش آرزوی تو
هم بهوای جلوه ای پاره کنم حجاب را   هم بنگاه نا رسا پرده کشم بروی تو
من به تلاش تو روم یا بتلاش خود روم   عقل و دل ونظر همه گم شدگان کوی تو
از چمن تو رسته ام قطره ای شبنمی ببخش   خاطر غنچه وا شود کم نشود زجوی تو
(اقبال،۱۳۴۳،ص ۱۲۳)

بیسویں صدی کے شعری رجحانات کا جائزہ

بیسوی صدی کی فارسی شاعری مندرجہ ذیل دھاروں میں تقسیم کی جاسکتی ہے۔

ا) وہ شعرا جو قدما کی طرز پر شعر کہتے ہیں لیکن اس کے باوجود اسی روایت میں اپنی شناخت بھی بنانے میں

کامیاب رہے، ان میں پروین اعتصامی کو ایک نمایندہ شاعر کے طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔ استاد بہار بھی قالب اور تراکیب میں روایتی ہے اُس کے ہاں آزادی کا مضمون خاص طور پر قابل ذکر ہے جو اُسے جدید شاعر کہلانے کا حق دیتا ہے۔ بہار کے مضامین آزادی کے علاوہ اکثر روایتی ہیں ۔(یاحقی ۱۳۷۵، ص ۳۴۔۳۶)

بلاشبہ اس دھارے کے شعرا فنی پختگی کے حامل ہیں اور اُن کی شاعری میں فن کے اعتبار سے سقم ڈھونڈ نا نہ صرف ناممکن ہے بلکہ اُن کی تراکیب ومحاورات کو سند کے طور پر بھی پیش کیا جا سکتا ہے لیکن اصل بات یہ ہے کہ یہ شاعر خواہ پروین ہو اور خواہ بہار وغیرہ، اپنے عصر میں رہتے ہوئے ماضی پرستی اور روایت پرستی سے باہر نہیں آ سکے۔

پروین وعظ ونصیحت تو کرتی ہے لیکن اپنے زمانے کے دکھ کو محض فردی سطح پر ہی بیان بھی کرتی ہے اور اُس کا مخاطب بھی فرد ہے نہ کہ معاشرہ۔

۲) وہ شعرا جنہوں نے موضوع ، ہیئت اور معنی میں نئے تجربے کیے۔ جن میں خاص طور پر نیما جو شعر جدید کا بانی ہے، قابل ذکر ہے۔

اس دور کی عمومی شاعری موضوع اور معنی کے اعتبار سے معروضی شاعری ہے۔ عمومی طور پر اس طرز سخن میں موضوع کے اعتبار سے مندرجہ ذیل عناصر مشترک ہیں:

۱) معروضیت

۲) عامیانہ زبان کا استعمال

۳) آزادی پسندی

۴) وطنیت

۵) جدید علوم کے اثرات (یاحقی ۱۳۷۵، ص ۱۸۔۲۱)

نیما نے فارسی شاعری کے قالب کو توڑ کر یقیناً اظہار کے پیمانے کو وسعت عطا کی ہے لیکن نیما کبھی بھی امید اور زندگی کا شاعر نہیں بن سکا۔ اُس کے ہاں فطرت کے مناظر کی دلکش تصویر تو ہے لیکن وہ

فطرت کے جبر سے آزادی کا خواہاں ہونے کے باوجود اس مقصد کے حصول میں نا امیدی دکھائی دیتا ہے۔اُس کی نظم ''داروگ'' اُس کی یاسیت اور نا امیدی کا واضح نمونہ ہے۔

۳) بیسوی صدی کی فارسی شاعری کا ایک اور رجحان تانیثیت ہے جو کہ پہلی بار حقیقی معنوں میں فروغ فرخزاد کی شاعری میں ظاہر ہوا۔فروغ واقعتاً فارسی شاعری میں عورت کے جذبات کی ترجمان بن کے اٹھی لیکن اُس کے اپنے بقول یہی خیالات اُس کی ذاتی اور ازدواجی زندگی کی ناکامی اور معاشرتی تنہائی کا باعث بھی بنے اور فروغ نے اس بات کا اعتراف یوں کیا کہ میں نے عریانیت کی شاعری بہت کی۔ (یاحقی ۷۵ ۱۳،ص ۱۴۱)

فروغ نے بلاشبہ عورت کے جذبات کی ترجمانی کی لیکن اپنے اس موقف کی وجہ سے وہ زندگی میں کئی ناکامیوں کا شکار ہوئی جس نے فروغ کو اندرونی شکست وریخت سے دوچار بھی کیا اور ادبیات کے ناقدین کو یہ سوچنے پر مجبور بھی کیا کہ مغرب کے افکار اور مغربی تہذیب کی تقلید میں اس کے مضر اثرات کو مدنظر رکھے بغیر کسی بھی بہاؤ میں آ کر کسی فکری تحریک کا حصہ بننے کا فطری اور منطقی انجام فرد کی اندرونی اور سماجی شکست ہی تو نہیں؟ فروغ عصر حاضر کے انسان کو تنہائی کے عذاب سے نکالنے میں نہ صرف ناکام ہے بلکہ خود اُس کا شکار دکھائی دیتی ہے۔

۴) گذشتہ تین رویوں کو اگر ناقدانہ نگاہ سے دیکھا جائے تو ایک بات واضح ہو جاتی ہے کہ بیسویں صدی کی فارسی شاعری روایت پسندی اور روایت شکنی کی کشمکش اور فکری تعامل اور تصادم کی داستان ہے۔

لیکن روایت پسند شعرا زمینی حقائق سے زیادہ آسمانی لطائف پہ بھروسا کرتے ہیں اور شعر کو ایک لذت اور فن کے اعتبار سے دیکھتے ہیں جبکہ روایت شکن شعرا فارسی شاعری کو انسان کے زمینی مسائل سے جوڑتے ہیں۔لیکن زمینی مسائل کے حل کے بجائے وہ مایوسی اور نا امیدی کا شکار ہیں اور عصری تنہائی نا امیدی کے زہر کے ساتھ مل کر عصر حاضر کے انسان کے مسائل کا اظہار تو منتج ہے لیکن دوا نہیں۔ بلکہ فرد کو شدید تر ذہنی، شناختی اور سماجی مسائل سے دوچار کرتی ہے۔ان حالات میں اقبال فکری سطح پر فارسی کو امید، انسان کی عظمت، آزادی اور نیابت خداوندی کا سبق دیتا دکھائی دیتا ہے۔ وہ نہ تو

مشرق پرستار ہے نہ مغرب کا مداح ۔ وہ عالم افکار میں زلزلہ تو چاہتا ہے لیکن اُس کی تعمیر نو کا پیغام بھی دیتا ہے ۔اقبال کی زبان پر ایرانیوں نے اعتراضات کیے اور بعض نے سراہا بھی ۔اس حوالے سے یہی کہا جا سکتا ہے کہ زبان کے حوالے سے اقبال کی اردو شاعری پر بھی اعتراضات کیے گئے ہیں جن کی تفصیلات (Cantwell, Lahore, 1947, pp, 114-166)۔(ساکت ۱۳۸۵اص ۴۰۹) (ایوب صابر ۲۰۰۳ء ص ۳۳۔۵۰) کے ہاں دیکھی جا سکتی ہیں ۔یقیناً اقبال ایک تخلیقی شاعر ہونے کے ناطے اردو اور فارسی زبان کو ایسی اصطلاحات ترکیبات اور لہجہ دے گیا ہے جو کسی نعمت عظمیٰ سے کم نہیں ۔

فارسی شاعری میں اقبال نے تمام قدیم شعرا کی زمینوں سے استفادہ ضرور کیا لیکن مفاہیم کے حوالے سے اُس کا سارا کلام تازہ ہے ۔اقبال کی شاعری نے انسان کو ایک الوہی شناخت اور حیات بخشی ہے جبکہ اُس کے ہم عصر فارسی شعرا کبھی ایرانیت اور کبھی لسانیت میں اپنی شناخت دیکھتے ہیں لیکن دراصل مغربی فکر کی چکا چوند میں اپنا نور بصیرت کھودیتے ہیں اور ساتھ ہی اپنی شناخت بھی ۔اقبال نے اگر مشرق میں بیدل کی شاعری کی ستائش کی ہے تو وہ بھی اسی لیے کہ وہ انسان کو خدا با ور تو بناتا ہے لیکن اُس سے قبل خود باوری کا درس دیتا ہے ۔(اقبال ۲۰۰۲ء ص ۹)

☆☆☆☆☆

حواشی

۱) سبک کے لفظی معنی طرز یا اسلوب کے ہیں ۔ فارسی ادبیات کی تاریخ میں محمد تقی بہار پہلا شخص ہے جس نے یہ لفظ استعمال کیا آج style،(اسلوب) کا رائج ترجمہ سبک ہے،مزید تفصیلات کے لیے محمد تقی بہار کی کتاب سبک شناسی نثر اور سیروس شمیسا کی کتاب سبک شناسی نظم قابل توجہ ہیں۔

۲) فارسی شعر کی تاریخ اور تطور اور آغاز وارتقا پر مندرجہ ذیل کتب کا مطالعہ نہایت مفید اور ازحد ضروری ہے۔

۱) A Literary History of Persian by B.G. Browne.

۲) گزیدہ ترین نمونہ شعر فارسی از شفیعی کدکنی

۳) تاریخ ادبیات ایران از رضا شفق زادہ

۴) تاریخ ادبیات در ایران از دکتر ذبیح اللہ صفا

۳) آزادی کا موضوع شعر جدید کا بنیادی حصہ رہا ہے اس حوالے سے ڈاکٹر نور محمد مہر کی کتاب فکر آزادی در ادبیات مشروطیت خاص طور پر قابل توجہ ہے۔

کتابیات

۱) اسحٰق، ڈاکٹر محمد ،۱۳۷۹ھ ش:شعر جدید فارسی ،ترجمہ سیروس شمیسا،طبع اول،انتشارات فردوس،تہران

۲)ایوب صابر، پروفیسر ڈاکٹر ،۲۰۰۳:اقبال کا اردو کلام: زبان و بیان کے چند مباحث،طبع اول،مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد

۳)اقبال، علامہ محمد ،۲۰۰۲: مطالعہ بیدل فکر برگسان کی روشنی میں ترتیب وترجمہ ڈاکٹر تحسین فراقی ،طبع سوم، اقبال اکادمی پاکستان،لاہور

۴)اقبال، علامہ محمد ،۱۳۴۳ھ ش،کلیات اشعار فارسی مولانا اقبال لاہوری،مقدمہ وشرح احوال احمد سروش،طبع اول، کتابخانہ سنائی،تہران

۵)بقائی ماکان محمد ،۲۰۰۶: اقبال ودو چہرۂ دیگر،طبع اول، اقبال اکادمی پاکستان،لاہور

۶) حاکمی،محمد اسماعیل،۱۳۷۹ھ ش:ادبیات معاصر ایران،طبع پنجم،انتشارات اساطیر،تہران

۷) خلیفہ عبدالحکیم، ڈاکٹر، ۱۹۶۸ء: فکر اقبال، طبع چہارم، بزم اقبال، لاہور

۸) ساکت، محمد حسین، ۱۳۷۵ھ ش: ماہتاب شام شرق، طبع اول، میراث مکتوب، تہران

۹) شفیعی کدکنی، محمد رضا، ۱۳۴۴ھ ش: کہنہ ترین نمونہ شعر فارسی، مجلہ آرش، دورہ اول، شمارہ ششم

۱۰) شمیسا، سیروس، ۱۳۷۵ھ ش: سبک شناسی شعر، طبع دوم، انتشارات فردوس، تہران

۱۱) صفا، ذبیح اللہ ۱۳۶۳ھ ش: تاریخ ادبیات در ایران ج ۱، طبع چہارم، کتابفروشی ابن سینا، تہران

۱۲) صفا، ذبیح اللہ، ۱۳۷۸ھ ش: تاریخ ادبیات در ایران، خلاصہ ج چہارم، انتشارات فردوس، تہران

۱۳) صوفی، لیلا، ۱۳۸۰ھ ش: زندگی نامہ شاعران ایران، طبع ہفتم، انتشارات جاجرمی، تہران

۱۴) فروغ فرخزاد، ۱۳۴۳ھ ش: نبرد زندگی، شعر سرود پیکار، سال اول، شمارہ ۱

۱۵) کسروی، احمد، ۱۳۸۲ھ ش: تاریخ مشروطۂ ایران، طبع اول، مؤسسۂ انتشارات نگاہ، تہران

۱۶) لنگرودی، شمس ۱۳۷۷ھ ش: تاریخ تحلیلی شعر نو، ج ۱، طبع دوم، نشر مرکز، تہران

۱۷) مہر، ڈاکٹر نور محمد، ۲۰۰۲ء: فکر آزادی در ادبیات مشروطیت، طبع اول، مرکز تحقیقات زبان فارسی ایران و پاکستان، اسلام آباد

۱۸) یاحقی، دکتر محمد جعفر ۱۳۷۵ھ ش: چون سبوی تشنہ، ادبیات معاصر فارسی، طبع سوم، انتشارات جام، تہران

❁ ❁ ❁

پنجابی کلاسیکی شاعری تے پیکھنے دے رنگ

ڈاکٹر عاصمہ قادری☆

Abstract

It is argued that theatre in multiple ways forms an essential structure part of the major classical Punjabi poetic works. This is illustrated by examples from qissas of Waris Shah , Kadir Yar and Damodar, dohras of Farid , baits of Sultan Bahu and Hashim Shah, kafi of Shah Hussain , Bulleh Shah and Sachal Sarmast. The article is concluded with the argument that the presence of dramatic forms in our classical poetry is an aspect of its deep structural relationship with our folk traditions.

تھیٹرلئی پرانی شاعری وچ لفظ ''پیکھنا'' ورتیا گیا ہے۔ پیکھن یا پیکھنا دی ورتوں پورے تھیٹر لئی کیتی گئی اے۔ تھیٹر دا سارا ایک سٹک (بتیاں، کیمرے، پردے، پاتر، لوڑیندا سامان آد) لفظ پیکھنے نے کلاوے لیا اے۔ ایس توں اڈ پیکھنا اک شو یا اک Presentation وی ہو سکدی ہے۔ ایہہ اِک شو جیوندے جیاں دا ہووے بھاویں پتلیاں دا، سب پیکھنا ہے۔ وارث شاہ دی لکھی ''ہیر'' اندر ایس لفظ دی ورتوں وسیندی اے جو ایہہ عام ورتیندا سی تے لوکائی لئی اوپرا نہیں سی:

''پتلی پیکھنے دی نقش روم والے لدھا پری نے چنداُجاڑ وچوں''(۱)

''نونہاں بندیاں خیال جیوں پیکھنے دا مائی تیاں بو ہے دیاں مہریاں نیں'' (۲)

''ڈول ڈال تے چال دی لٹک سندر جیہا پیکھنیں دا کوئی خیال ہووے'' (۳)

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ پنجابی، اورینٹل کالج، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

پیکھنا اک ڈھنگ ہے لوکائی نال گل سانجھی کرن دا۔ لوک دی بیتی ورتی نوں شاعر مڑ کونا وچ اکھر اں دا باناپوا لوکائی نال ای سانجھا کردا ہے۔ پیکھنا دے لغوی معنے انج نیں:

''پیکھنا: دیکھنا، گداگری کرنا

1۔ جلوہ۔ ارادہ 2 ۔تماشہ کی مورت۔ پتلی 3۔تماشہ وکھیل 4۔ایک شکل جو بعض کھیلوں میں استعمال ہوتی ہے۔5۔غصہ اور ناراضگی کے وقت مظلوم ظالم کو اس لفظ سے پکارتا ہے۔ایک قسم کی ہلکی گالی۔6۔چین کا شہر پیکنگ''(۴)

فرہنگِ آصفیہ وچ پیکھنے دے معنے ہن:

''پیکھنا: ہندی گیتوں میں (1) دیکھنا۔نظر کرنا (2) ریس کرنا۔حرص کرنا۔خواہش کرنا جیسے دیکھا سو پیکھا میری لاڈو کا یہی لیکھا'' سیر وتماشا (اب متروک ہے):

''کھڑے سب کالا چار منہ دیکھنا۔کہ یا رب یہ کیا ہے جہاں پیکھنا''(۵)

''پیکھنا'' تاں ہے پورا تھیٹر۔ہن جو وکھایا جاندا ہے تھیٹر تے اوہ Play اکھواندا ہے۔ Play لئی لفظ ''کھیال'' ورتیا ہے پنجابی سلیکھ دے کلاسیکل شاعر اں نے جو مگروں ''خیال'' بن گیا۔لفظ کھیال دے معنے نیں:

A Kind of song, a Species of measure in (Hindi) vercification"Play sport, fun, freaks,Prauks,fralics."(۶)

